# پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

کی

# پیاری دعائیں

محمد عبدالرحیم ◎ ناشر و تاجر

عزیز مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

7248204-7361328

www.pdfbooksfree.pk

# دُعا کی ضرورت اور فضیلت

سیدنا آدم علیہ السلام کو جب خلافتِ ارضی کی ذمہ داریوں کے ساتھ زمین پر اُتارا گیا تو انسانی کوتاہیوں سے رجوع اور توبہ کرنے کیلئے طریقہ وحی کے ذریعہ بتایا گیا۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

فَتَلَقّٰٓی اٰدَمُ مِنۡ رَّبِّہٖ کَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیۡہِ ؕ

پھر آدمؑ نے اپنے ربّ سے چند کلمات سیکھے (اور معافی مانگی) تو اللہ نے اُن کا قصور معاف کر دیا۔

وَ اِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّہٗ مُنِیۡبًا اِلَیۡہِ۔

جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے ربّ کو پکارتا ہے اور دل سے اس کی طرف رجوع کرتا ہے

اللہ تعالیٰ کے ہاں دُعا سے زیادہ پسندیدہ کوئی چیز نہیں (ترمذی)

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا:

اُدۡعُوۡا رَبَّکُمۡ تَضَرُّعًا وَّ خُفۡیَۃً۔

(لوگو) اپنے ربّ سے عاجزی اور آہستگی سے مانگو

جو شخص پسند کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بُرے حال میں اس کی دُعا قبول کرے تو اسے چاہیے کہ وہ خوشحالی کے زمانہ میں دُعا کثرت سے کیا کرے۔ (مشکوٰۃ)

www.pdfbooksfree.pk

# فہرست


| شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | سوتے وقت کی دُعائیں | ۷ |
| ۲ | آیۃ الکرسی | ۷ |
| ۳ | بے خوابی کا علاج | ۹ |
| ۴ | بیدار ہونے کے وقت کی دُعا | ۱۰ |
| ۵ | بیت الخلا میں داخل ہونے کی دُعا | ۱۰ |
| ۶ | بیت الخلا سے باہر آنے کی دُعا | ۱۱ |
| ۷ | وضو کی دُعائیں | ۱۱ |
| ۸ | قنوتِ نازلہ | ۱۳ |
| ۹ | دُعائے قنوت | ۱۶ |
| ۱۰ | اذان | |
| ۱۱ | صُبح کی اذان | ۱۸ |
| ۱۲ | جواب اذان | ۱۸ |
| ۱۳ | اذان کے بعد کی دُعائیں | ۱۹ |
| ۱۴ | مغرب کی اذان سنتے وقت | ۲۰ |
| ۱۵ | اقامت (تکبیر) | ۲۰ |
| ۱۶ | جواب اقامت | ۲۱ |
| ۱۷ | سُنتِ فجر کے بعد کی دُعائیں | ۲۱ |
| ۱۸ | گھر سے نکلنے کی دُعائیں | ۲۴ |
| ۱۹ | مسجد میں داخل ہونے کی دُعا | ۲۴ |

| شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۰ | **نماز** | ۲۵ |
| ۲۱ | تکبیر تحریمہ | ۲۵ |
| ۲۲ | ثناء | ۲۵ |
| ۲۳ | تعوّذ | ۲۶ |
| ۲۴ | سورۂ فاتحہ | ۲۶ |
| ۲۵ | رکوع کی تسبیح | ۲۷ |
| ۲۶ | رکوع سے اٹھنے کی دُعاء | ۲۸ |
| ۲۷ | سجدہ کی تسبیح | ۲۸ |
| ۲۸ | دو سجدوں کے درمیان جلسہ کی دُعاء | ۲۹ |
| ۲۹ | تشہد | ۲۹ |
| ۳۰ | درُود شریف | ۳۰ |
| ۳۱ | آخری تشہد کی دُعائیں | ۳۱ |
| ۳۲ | سلام | ۳۲ |
| ۳۳ | **نماز کے بعد کی دُعائیں** | ۳۲ |
| ۳۴ | تسبیح تراویح | ۳۷ |
| ۳۵ | **صبح و شام کی دُعائیں** | ۳۸ |
| ۳۶ | سیدالاستغفار | ۴۲ |
| ۳۷ | درُود شریف تنوّاع | ۵۲ |
| ۳۸ | **خاص موقعوں کی دُعائیں** | ۵۳ |
| ۳۹ | مسجد سے نکلنے کی دُعاء | ۵۳ |
| ۴۰ | گھر میں داخل ہونے کی دُعاء | ۵۳ |
| ۴۱ | کھانے پینے کے وقت کے ذکر | ۵۴ |
| ۴۲ | دودھ پینے کی دُعاء | ۵۶ |
| ۴۳ | گھبراہٹ کے وقت کی دُعاء | ۵۶ |
| ۴۴ | بدخوابی، بے چینی اور نیند نہ آنے کی دُعاء | ۵۷ |
| ۴۵ | کھانے پینے کے ضرر سے محفوظ رہنے کی دُعا | ۵۸ |


www.pdfbooksfree.pk

| شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۴۶ | دوزخ سے نجات کی دُعا | ۵۸ |
| ۴۷ | مشکل وقت کی دُعا | ۵۹ |
| ۴۸ | بازار میں داخل ہوتے وقت | ۵۹ |
| ۴۹ | بیماری اور بیمار پُرسی کے وقت کی دُعائیں | ۶۱ |
| ۵۰ | قُربِ موت کے وقت تلقینِ کلمہ | ۶۲ |
| ۵۱ | جنازہ کی دُعائیں | ۶۲ |
| ۵۲ | نابالغ لڑکے کیلئے دُعا | ۶۳ |
| ۵۳ | نابالغ لڑکی کیلئے دُعا | ۶۴ |
| ۵۴ | میّت کو قبر میں اتارتے وقت | ۶۴ |
| ۵۵ | میّت کے دفن کرنے کے بعد | ۶۵ |
| ۵۶ | قبروں کی زیارت کے وقت | ۶۵ |
| ۵۷ | جامع الدُّعا | ۶۶ |

| شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۵۸ | دُعائے استخارہ | ۶۶ |
| ۵۹ | دُعائے حاجت | ۶۸ |
| ۶۰ | لڑائی کے وقت کی دُعا | ۶۹ |
| ۶۱ | غمگین کی دُعا | ۶۹ |
| ۶۲ | بیقراری کے وقت کی دُعا | ۷۰ |
| ۶۳ | نیا چاند دیکھنے کی دُعا | ۷۰ |
| ۶۴ | افطاری کی دُعا | ۷۱ |
| ۶۵ | نیا کپڑا پہننے کے وقت | ۷۱ |
| ۶۶ | آئینہ دیکھنے کی دُعا | ۷۲ |
| ۶۷ | مجلس کے گناہوں کا کفارہ | ۷۲ |
| ۶۸ | مصیبت زدہ کو دیکھ کر | ۷۲ |
| ۶۹ | ادائیگی قرض کی دُعا | ۷۳ |
| ۷۰ | کشائش رزق کی دُعا | ۷۴ |
| ۷۱ | بارش کی دُعا | ۷۵ |
| ۷۲ | کثرت باراں سے خوف کی دُعا | ۷۶ |
| ۷۳ | توبہ کی دُعائیں | ۷۷ |

| شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۷۴ | صلوٰۃ التسبیح | ۷۷ |
| ۷۵ | اسم اعظم | ۷۸ |
| ۷۶ | اسمائے حسنیٰ | ۷۹ |
| ۷۷ | استعاذہ کی دعائیں | ۸۲ |
| ۷۸ | اخلاق رذیلہ سے بچنے کی دعائیں | ۸۳ |
| ۷۹ | سواری کی دعاء | ۸۴ |
| ۸۰ | سفر کے وظائف واذکار | ۸۵ |
| ۸۱ | مرغ کی آواز سن کر | ۸۷ |
| ۸۲ | گدھے کی آواز سن کر | ۸۷ |
| ۸۳ | مسنون سلام | ۸۷ |
| ۸۴ | چھینک کے وقت | ۸۸ |
| ۸۵ | دانت اور کان کے درد کے وقت | ۸۹ |
| ۸۶ | دنیا و آخرت کی بہتری کے لیے دعائیں | ۸۹ |
| ۸۷ | حصولِ محبتِ الٰہی کے لیے دعاء | ۹۰ |
| ۸۸ | لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کی فضیلت | ۹۱ |
| ۸۹ | لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ | ۹۲ |
| ۹۰ | باقیات صالحات | ۹۲ |
| ۹۱ | بہت وزنی لیکن نہایت آسان وظیفہ | ۹۲ |
| ۹۲ | حضرت انسؓ کی دعا | ۹۳ |
| ۹۳ | جامع دعاء | ۹۵ |


www.pdfbooksfree.pk

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

## سوتے وقت کی دُعائیں

سوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھی جائے اس کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کے لیے ایک حفاظت کنندہ رہے گا اور صُبح تک شیطان پاس نہ پھٹکے گا۔[1]

### آیۃ الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ

اللہ، نہیں ہے کوئی معبُود مگر وُہی زندہ ہے

الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ

تھامنے والا نہیں آتی ہے اس پر اُونگھ اور نہ نیند اسی کا

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ

ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے کون ہے

ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ

وُہ جو سفارش کر سکے اس کے ہاں مگر اس کی اجازت سے، جانتا ہے

مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ

سب جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے اور نہیں احاطہ کر سکتے

[1] مشکوٰۃ کتاب فضائل القرآن فصل اوّل

بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ

کسی چیز کا اس کی معلوم چیزوں سے مگر جس قدر وہ چاہے چھائی ہوئی ہے

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ

اس کی کرسی آسمانوں پر اور زمین پر اور نہیں تھکا سکتی اس

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

کو حفاظت ان دونوں کی اور وہ بلند ہے عظمت والا

## دوسری دعا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب بستر پر لیٹتے تو اپنا دایاں ہاتھ دائیں رخسار مبارک کے نیچے رکھ کر یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى[1]

الٰہی! تیرے نام سے مرتا ہوں اور زندہ ہوں گا

## تیسری دعا

بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ

آپ ہی کے نام سے اے رب رکھتا ہوں اپنا پہلو

وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا

اور آپ ہی کی مدد سے اٹھاؤں گا، اگر روک لی آپ نے میری جان تو اس پر رحم کر

[1] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل اوّل

www.pdfbooksfree.pk

وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ[1]

اور اگر اس کو چھوڑ دے تو اس کی حفاظت کر جیسے حفاظت کرتا ہے

عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ[1] ط

تو اپنے نیک بندوں کی

## بے خوابی کا علاج

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بے خوابی کے عارضہ کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا، یہ دعا پڑھ لیا کرو۔

اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ وَهَدَأَتِ الْعُيُوْنُ

اے اللہ ڈوب گئے ستارے، اور آرام پایا آنکھوں نے

وَاَنْتَ حَيٌّ قَيُّوْمٌ لَا تَأْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا

اور آپ زندہ ہیں قائم نہیں پکڑتی آپ کو اونگھ اور نہ

نَوْمٌ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اَهْدِئْ لَيْلِيْ وَ

نیند اے زندہ! اے قائم ذات! سکون دے مجھے رات میں اور

اَنِمْ عَيْنِيْ[2]

سلا دے میری آنکھ

[1] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل اوّل۔

[2] عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی ص ۲۷۳

حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس پر عمل کرنے سے میری تکلیف رفع ہوگئی۔

## بیدار ہونے کے وقت کی دعا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ راوی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب بیدار ہوتے تو فرماتے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے زندہ کیا ہم کو بعد اس کے کہ مارا تھا ہمیں

وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ[1]

اور اس کی طرف جی اٹھ کر جانا ہے

## بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا

بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھی جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ

اللہ کا نام لے کر (میں داخل ہوتا ہوں) اے اللہ! میں پناہ میں آتا ہوں آپ کی

الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ[2]

ناپاک جنوں اور جنیوں سے

[1] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل اوّل۔

[2] مشکوٰۃ باب آداب الخلاء فصل اوّل، حدیث حضرت انسؓ و فصل دوم، حدیث حضرت علیؓ۔

www.pdfbooksfree.pk

## بیت الخلاء سے باہر آنے کی دُعاء

۱۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب بیت الخلاء سے نکلتے تو فرماتے:

غُفْرَانَكَ [1]

(الٰہی!) میں آپ سے بخشش چاہتا ہوں۔

۲۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ بیت الخلاء سے باہر تشریف لاتے تو یہ دُعاء پڑھتے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی

حمد کے لائق ہے اللہ جس نے دُور کیا مجھ سے دُکھ

وَعَافَانِیْ [2]

اور آرام بخشا مجھے

## وُضو کی دُعائیں

وُضو شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنا سنّت ہے ضروری نہیں [3]۔

حضرت عُمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کامل وُضو کرے تو پھر یہ کلمات پڑھے اس کے لیے جنّت کے

[1] مشکوٰۃ باب آداب الخلاء فصل دوم
[2] مشکوٰۃ باب آداب الخلاء فصل سوم
[3] مشکوٰۃ باب سنن الوضو فصل دوم

آٹھوں دروازے کھول دیے جائیں گے۔

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے کوئی اس کا شریک

لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ [1]

نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں

## دوسری حدیث

جامع ترمذی شریف کی روایت کی رُو سے کلمہ شہادت کے ساتھ یہ دُعا ملا لینی چاہیئے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ

الٰہی! کر دے مجھ کو بہ کثرت توبہ کرنے والوں سے اور کر دے مجھے

مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ [2]

پاکیزگی اختیار کرنے والوں سے

## تیسری حدیث

میں یہ دُعا بھی مروی ہے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ

پاک ہے تُو اے اللہ اور آپ کی ہی تعریف ہے میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں ہے

[1] مشکوٰۃ کتاب الطہارۃ فصل اوّل

[2] ترمذی ص ۹، ج ۱۔ زاد المعاد ج ۱ ص ۴۹

www.pdfbooksfree.pk

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ[1]

کوئی الٰہ سوائے آپ کے آپ سے بخشش مانگتا ہوں اور لوٹ کر آتا ہوں آپ کی طرف

بعض احادیث کی رُو سے وضو کے بعد کی دُعاؤں کو آسمان کی طرف نظر کر کے کوئی بات کرنے سے پہلے پڑھنا چاہیئے۔[2]

وضو میں مندرجہ ذیل دُعا کا پڑھنا مروی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ

یا اللہ بخشش میرے گناہ اور فراخ کر دے میرے لیے

دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ[3]

میرا گھر اور برکت دے میرے رزق میں

## قنوتِ نازلہ

جب مسلمانوں پر کہیں مظالم ہو رہے ہوں یا دشمنانِ اسلام کا خوف ہو تو صبح کی نماز میں قنوتِ نازلہ پڑھنی چاہیئے۔

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ فِیْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِیْ

یا اللہ! ہدایت دے مجھے ان میں (داخل کر کے) جنکو آپ نے ہدایت دی اور عافیت دے

فِیْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَ

مجھ کو ان میں جن کو آپ نے عافیت دی اور کارساز بن میرا ان میں جن کی آپ نے کارسازی فرمائی

[1] مجمع الزوائد ص ۲۳۹ ج ۱ [2] سنن ابی داؤد باب مایقول الرجل اذا توضأ۔
[3] کتاب الاذکار ص ۱۵

بَارِكْ لِيْ فِيْمَآ اَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ

اور برکت دیجیو میرے لیے اس میں جو مجھے دے رکھا ہے آپ نے اور بچا مجھ کو اس تکلیف سے

فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ اِنَّهٗ لَا

جس کا آپ نے فیصلہ کر رکھا ہے اسلیے کہ آپ خود فیصلہ کرتے ہیں اور نہیں فیصلہ کیا جا سکتا آپ کے

يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ

فیصلہ کے خلاف بلاشبہ نہیں ذلیل ہوتا وہ جس سے آپ محبت کریں اور نہیں عزت پا سکتا جس سے آپ

تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ نَسْتَغْفِرُكَ

دشمنی رکھیں، برکت والے ہیں آپ اے ہمارے رب اور بلند ہیں ہم سب آپ سے بخشش چاہتے ہیں

وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ ط

اور رجوع کرتے ہیں آپ کی طرف اور رحمت اللہ کی نبی (ﷺ) پر

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

الٰہی! بخشش فرما ہماری اور سب مومنوں کی اور سب مومن عورتوں کی

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَلِّفْ بَيْنَ

اور سب مسلمان مردوں کی اور مسلمان عورتوں کی اور اُلفت ڈال

قُلُوْبِهِمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ

ان کے دلوں کے درمیان اور اِصلاح فرما ان کے درمیان

www.pdfbooksfree.pk

وَانْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّهِمْ اَللّٰهُمَّ

اور ان کی مدد فرما اپنے اور ان کے دشمن پر اے اللہ

الْعَنِ الْكَفَرَةَ الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ

لعنت کر کافروں پر جو روکتے ہیں آپ کے

سَبِيْلِكَ وَيُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ وَ

راستے سے اور جھٹلاتے ہیں آپ کے رسولوں کو اور

يُقَاتِلُوْنَ اَوْلِيَآءَكَ اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ

لڑائی کرتے ہیں آپ کے دوستوں سے، الٰہی! اختلاف ڈال درمیان

كَلِمَتِهِمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ وَاَنْزِلْ بِهِمْ

ان کے اور اُکھاڑ دے ان کے قدموں کو اور اتار ان پر اپنا

بَاْسَكَ الَّذِيْ لَا تَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ

ایسا عذاب جس کو نہیں پھیرتا تو مجرموں

الْمُجْرِمِيْنَ ط

کی قوم سے

ط (حصن حصین)

## دُعائے قنوت

رسُول اللہ ﷺ نے یہ دُعا سکھائی تاکہ اسے نمازِ وتر میں پڑھا کریں۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَنَسْتَغْفِرُكَ

الٰہی ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور تجھ سے معافی مانگتے ہیں

وَنُؤْمِنُ بِكَ وَنَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَنُثْنِیْ

اور تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ رکھتے ہیں اور تیری بہت

عَلَیْكَ الْخَیْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ

اچھی تعریف کرتے ہیں اور تیرا شکر کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں

وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ اَللّٰھُمَّ

کرتے اور الگ کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو تیری نافرمانی کرے الٰہی

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ

ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تیرے ہی لیے نماز پڑھتے اور سجدہ کرتے ہیں

وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَكَ

اور تیری ہی طرف دوڑتے اور خدمت کے لیے حاضر ہوتے ہیں اور تیری رحمت کے امیدوار

وَنَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ

ہیں اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں بے شک تیرا عذاب

www.pdfbooksfree.pk

# بالکفارِ ملحق[1]

کافروں کو ملنے والا ہے۔

**اذان**

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں کوئی عبادت کے لائق مگر اللہ

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں کوئی عبادت کے لائق مگر اللہ

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ

میں اقرار کرتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ

میں اقرار کرتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں

[1] حصن حصین ص ۴۷۔ اس دعاء کے علاوہ اور بھی دعائیں مروی ہیں۔ کتبِ اذکار سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ [1]

چلے آؤ نماز کی طرف چلے آؤ نماز کی طرف

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ [2]

دوڑو! کامیابی کی طرف دوڑو! کامیابی کی طرف

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ [3]

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے نہیں کوئی معبود مگر اللہ

## صُبح کی اذان

صبح کی اذان میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد مؤذن دو دفعہ کہے:

اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ [4]

نماز نیند سے بہتر ہے

## جوابِ اذان

اذان توجّہ سے سُننی ضروری ہے۔ سُننے والے کو چاہیئے مؤذن کے کلمات خُود بھی آہستہ آہستہ دُہرائے لیکن حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ اور حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ سُن کر کہے:

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ [5]

نہیں ہے (ہر قسم کے) گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ تعالیٰ کی توفیق کے سوا۔

[1] یہ دونوں کلمے دائیں جانب مُنہ کر کے کہے جائیں۔ [2] بائیں جانب منہ کر کے کہے جائیں۔
[3]، [4] مشکوٰۃ باب الاذان فصل دوم [5] مشکوٰۃ باب الاذان واجابۃ المؤذن فصل اوّل

www.pdfbooksfree.pk

## اذان کے بعد کی دُعائیں

اذان کے بعد درود شریف[1] پڑھنا پھر مندرجہ ذیل دُعاء کا پڑھنا حصولِ شفاعت کا قوی سبب ہے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَ

اے اللہ! مالک اس پکار پوری کے اور

الصَّلٰوةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ

نماز قائم رہنے والی کے دیجئے (حضرت) محمد ﷺ کو مقامِ وسیلہ

وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا

اور فضیلت اور سرفراز فرما (شفاعت کے) "مقام محمود" پر

الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ[2] اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا

جس کا وعدہ کیا آپ نے ان سے۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود

اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا

نہیں اکیلا ہے وہ اس کا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ بیشک محمد ﷺ

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ

اس کے بندے اور رسول ہیں میں راضی ہوں اللہ کے رب ہونے پر اور

بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا[3] ط

محمد ﷺ کے رسول ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر

[1] مشکوٰۃ ص ۶۴ [2-3] مشکوٰۃ باب فضل الاذان فصل اوّل

## مغرب کی اذان

رسول اللہ ﷺ نے حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا تھا کہ تم مغرب کی اذان سنتے وقت یہ دعا پڑھا کرو:

اَللّٰھُمَّ ھٰذَآ اِقْبَالُ لَیْلِكَ وَاِدْبَارُ نَھَارِكَ

یا اللہ! یہ وقت ہے آپ کی رات کے آنے کا اور آپ کے دن کے جانے کا

وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْلِیْ [1]

اور آپ کی طرف بلانے والوں کی آوازوں کا پس میرے گناہ بخش دے

## اقامت (تکبیر)

ابن محیریز نے حضرت ابو محذورہؓ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ مجھے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اقامت کے سترہ کلمات سکھائے تھے۔ [2]

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے

اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں کوئی عبادت کے لائق مگر اللہ میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں کوئی عبادت کے لائق مگر اللہ

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ

میں اقرار کرتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں میں اقرار کرتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ

چلے آؤ نماز کی طرف چلے آؤ نماز کی طرف

[1] مشکوٰۃ باب فضل الاذان فصل دوم

[2] ترمذی

www.pdfbooksfree.pk

حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ

دوڑو! کامیابی کی طرف دوڑو! کامیابی کی طرف

قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ

بے شک نماز کھڑی ہو گئی بے شک نماز کھڑی ہو گئی

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے نہیں کوئی عبادت کے لائق مگر اللہ

## جوابِ اقامت

اذان ہی کی طرح ہے مگر قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کو سُن کر یہ کہا جائے۔

اَقَامَهَا اللّٰہُ وَاَدَامَهَا [1]

اللہ تعالیٰ اسے ہمیشہ قائم و دائم رکھے

## سُنتِ فجر کے بعد کی دُعائیں

صحیحین وغیرہ میں حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما سے آنحضرت ﷺ کی نماز کے بارے میں ایک طویل حدیث ہے جس میں ذکر ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے گھر سے صبح کی سُنتیں پڑھ کر مسجد کو جاتے ہوئے یہ دُعا پڑھی: [2]

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّفِیْ بَصَرِیْ

اے اللہ! کر دے میرے دل میں نور اور میری آنکھوں میں

[1] ابوداؤد۔ مایقول اذا سمع الاقامۃ [2] مشکوٰۃ باب صلوٰۃ اللیل فصل اوّل

نُوْرًا وَّفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّعَنْ یَّمِیْنِیْ

نور اور میرے کانوں میں نور اور میرے دائیں

نُوْرًا وَّعَنْ یَّسَارِیْ نُوْرًا وَّفَوْقِیْ نُوْرًا

نور اور میرے بائیں نور اور میرے اوپر نور

وَّتَحْتِیْ نُوْرًا وَّاَمَامِیْ نُوْرًا وَّخَلْفِیْ نُوْرًا

اور میرے نیچے نور اور میرے آگے نور اور میرے پیچھے نور

وَّاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا وَّفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَّ

اور کردے میرے لیے نور اور میری زبان میں نور اور

عَصَبِیْ نُوْرًا وَّلَحْمِیْ نُوْرًا وَّدَمِیْ نُوْرًا

کردے میرے پٹھے نورانی اور میرا گوشت نورانی اور میرا خون نورانی

وَّشَعْرِیْ نُوْرًا وَّبَشَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ

اور میرے بال نورانی اور میرا بدن نورانی اور میرے

فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا

نفس میں نور اور بہت ہی نور بخش

اَللّٰھُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا

الٰہی! مجھے نور عطا فرما۔

www.pdfbooksfree.pk

## دُوسری دُعاء

اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَآءِیْلَ وَ

الٰہی! اے رب حضرت جبرائیل اور

مِیْکَآءِیْلَ وَرَبَّ اِسْرَافِیْلَ وَرَبَّ مُحَمَّدٍ

میکائیل کے اور اے رب اسرافیل کے اور اے رب محمد ﷺ کے

اَعُوْذُبِکَ مِنَ النَّارِ[1]

پناہ لیتا ہوں ساتھ آپ کے، آگ سے

## تیسری دُعاء جُمعہ کے دن

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد مروی ہے کہ جمعہ کے دن صبح کی نماز سے پہلے تین بار پڑھ لیا جائے تو سارے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں[2]۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْحَیُّ

میں بخشش طلب کرتا ہوں اس اللہ کی کہ نہیں کوئی معبود مگر وہی ہمیشہ زندہ

الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

اور قائم رہنے والا اور میں توبہ کرتا ہوں اس کی طرف

[1] مجمع الزوائد ص ۱۰۴ ج ۱

[2] کتاب الاذکار ص ۴۰

## گھر سے[1] نکلنے کی دُعاء

حضرت اُمِّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسُول اللہ ﷺ جب کبھی گھر باہر جاتے تو اپنی نظرِ مُبارک آسمان کی طرف اٹھا کر یہ دُعاء پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ

الٰہی! میں آپ کی پناہ لیتا ہوں اس سے کہ گمراہ ہو جاؤں یا کوئی مجھے گمراہ کر دے

اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْھَلَ اَوْ یُجْھَلَ عَلَیَّ[2] ط

یا کسی پر ظلم کروں یا مجھ پر کوئی ظلم کرے یا جاہل بن جاؤں یا میرے ساتھ کوئی جہالت سے پیش آئے

## دُوسری دُعاء

گھر سے نکلتے ہوئے اس دُعاء کے پڑھنے کی بھی بڑی فضیلت آئی ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ

اللہ کے نام سے میں نے بھروسہ کیا اللہ پر نہیں ہے طاقت نقصان

وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ[3] ط

سے بچنے اور فائدہ کے حصُول کی مگر اللہ کی توفیق سے

## مسجد[4] میں داخل ہونے کی دُعاء

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جناب

---

[1] گھر میں داخل ہونے کی دعاء صفحہ ۵۵ پر ملاحظہ فرمائیے [2] مشکوٰۃ ص ۲۱۵

[3] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم [4] مسجد سے نکلنے کی دُعاء صفحہ ۵۵ پر ملاحظہ فرمائیے۔

www.pdfbooksfree.pk

رسول اللہ ﷺ جب مسجد میں داخل ہوتے تو یہ دعا پڑھتے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى

میں مسجد میں داخل ہوتا ہوں، اللہ کا نام لے کر اور رسول اللہ (ﷺ) پر درود و سلام

رَسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَ

بھیج کر الٰہی میرے گناہ بخش دے اور

افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ[1]

کھول دے میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے

## نماز

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جب تم کسی قوم کی امامت کرو تو ان کیلئے نماز کو مختصر کرو"۔[2]

نوٹ: دیگر دعائیں لازم نہیں ہیں اگر یاد ہوں تو انفرادی نماز میں پڑھ لیں۔

## تکبیر تحریمہ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ[3]

اللہ بہت بڑا ہے

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت یہ ہے کہ نماز میں ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر رکھ کر ناف کے نیچے باندھا جائے۔[4]

## ثناء

سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ

پاک ہے تو اے اللہ اور آپ ہی کی حمد ہے اور بابرکت ہے

[1] مشکوٰۃ باب المساجد و مواضع الصلوٰۃ فصل دوم [2] ابن ماجہ

[3] مشکوٰۃ باب صفۃ الصلوٰۃ فصل اوّل [4] ابوداؤد۔ وضع الیتمی علی الیسری

اَسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ [1]

نام آپ کا اور بلند ہے آپ کی شان اور نہیں کوئی عبادت کے لائق آپ کے سوا

تعوّذ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ [2]

اللہ کی پناہ میں آتا ہوں شیطان مردود سے

## سُورۃ فاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ [3]

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا رحم والا نہایت مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ

ہر طرح کی تعریف ہے اللہ کیلیے جو پالنے والا ہے تمام کائنات کا نہایت رحم والا

الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ

بڑا مہربان مالک ہے دن جزا کا۔ تیری ہی ہم

نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا

عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں دکھا تارہ ہمیں

[1] مشکوٰۃ باب مایقرأ بعد التکبیر فصل دوم [2] منتقی الاخبار باب التعوذ للقرأۃ ص ۵۷ طبع دہلی وص ۳۷۲ ج ۱ طبع مصر لیکن جامع ترمذی وغیرہ میں جو تعوّذ مروی ہے اس میں یہ الفاظ زائد ہیں مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ (اس کے وسوسے اور اس کی پھونک اور اس کے جادو سے یعنی پناہ چاہتا ہوں) [3] مشکوٰۃ باب القرأۃ فی الصلوٰۃ فصل دوم۔

www.pdfbooksfree.pk

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِينَ

راہ سیدھی راہ ان کی

أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ

جو انعام فرمایا آپ نے ان پر ، نہ ان کی جو غضب نازل ہوا

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ [1] ۝ آمِينَ [2]

ان پر اور نہ گمراہوں کی دُعا قبول فرما

سُورۂ فاتحہ کے بعد قرآن کریم کا کوئی ایک حصّہ یا کوئی ایک سُورت پڑھ لی جائے۔ تین چھوٹی سُورتیں (سُورۂ اخلاص، معوذتین) مع ترجمہ صفحہ ۵۰ پر درج کر دی گئی ہیں۔

## رکوع کی تسبیح

کم از کم تین دفعہ یہ تسبیح رکوع میں پڑھی جائے:

۱۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ [3]

پاک ہے رب میرا بزرگ

[1] احادیث میں موجود ہے کہ جماعت کی نماز میں صرف امام ہی سورۃ فاتحہ پڑھے اور مقتدی خاموش رہیں۔

[2] احادیث میں ہے کہ آمین آہستہ کہنا چاہیے۔

[3] مشکوٰۃ باب الرکوع فصل دوم

۲۔ سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ

پاک ہے تو اے اللہ رب ہمارے اور تمام تعریفوں کے لائق ہے تو

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ [1]

الٰہی مجھے بخش دے

## رکوع سے اٹھنے کی دعا

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ [2]

سن لیا اللہ نے جس نے اس کی تعریف کی

مقتدی یہ پڑھے: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

اے رب ہمارے آپ کیلیے ہے تعریف۔

حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ [3]

تعریف بہت پاکیزہ بابرکت

## سجدہ کی تسبیح

۱۔ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى [4]

پاک ہے رب میرا بہت بلند

۲۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ

پاک ہے تو اے اللہ رب ہمارے اور تمام تعریفوں کے لائق ہے تو

[1] مشکوٰۃ باب الرکوع فصل اوّل

[2-3] مشکوٰۃ فصل اوّل

[4] مشکوٰۃ

www.pdfbooksfree.pk

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ط

الٰہی مجھے بخش دے

رکوع اور سجدہ کی کوئی بھی تسبیح دس، سات، پانچ مرتبہ بہتر ہے۔ (تین بار سے کم نہ ہو)

دو سجدوں کے درمیان کی دُعا اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ

الٰہی مجھے بخش دے

وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَارْفَعْنِیْ وَاھْدِنِیْ

اور مجھ پر رحم فرما اور میرے نقصان پورے کر اور مجھے بلندی عطا کر اور مجھے ہدایت دے

وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ ط[1]

اور صحت دے اور رزق دے

تشہد اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ

سب دُرود وظیفے اللہ کیلئے ہیں اور سب عجز و نیاز اور سب صدقے خیرات بھی

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ

سلام ہو تجھ پر اے نبی (ﷺ) اور رحمت اللہ کی

[1] مشکوٰۃ باب السجود فصل دوم۔ لیکن "وَاجْبُرْنِیْ" اور "وَارْفَعْنِیْ" کا لفظ کتاب الاذکار ص ۷۸ بحوالہ سنن بیہقی، میں ہے۔

وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ

اور اس کی برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک

الصّٰلِحِيْنَ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

بندوں پر میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں لائق عبادت کے مگر اللہ

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ [1] ط

اور اقرار کرتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں

درود شریف اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ

الٰہی رحم و کرم فرما! حضرت محمد ﷺ پر اور

عَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ

حضرت محمد ﷺ کی آل پر جس طرح کہ آپ نے رحم فرمایا حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر

وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اور حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر بیشک آپ ہیں تعریف کے لائق اور بزرگی والے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

اے اللہ برکت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى

کی آل پر جس طرح آپ نے برکت نازل کی حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر اور

www.pdfbooksfree.pk

[1] مشکوٰۃ باب التشہد فصل اوّل۔

اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی آل پر بیشک آپ ہیں تعریف کے لائق بزرگی والے

## آخری تشہّد کی دُعائیں

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ

اے میرے پروردگار مجھ کو

الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ق رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ

نماز کا پابند بنا دے اور میری اولاد کو بھی اے ہمارے پروردگار میری دُعا

دُعَآءِ ط رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ

قبول فرما اے ہمارے پروردگار مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور

لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

سارے مسلمانوں کو بخش دے اس روز جب کہ (عملوں کا) حساب ہونے لگے۔

ان کے علاوہ بھی تشہد میں پڑھنے کی دُعائیں احادیث میں آئی ہیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا

الٰہی! میں نے اپنے آپ پر بہت ظلم کیا ہے

وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ فَاغْفِرْ لِيْ

اور صرف تو ہی گناہوں کو بخش سکتا ہے پس اپنی خاص

سلم مذکورہ باب الصلوٰۃ علی النبی ﷺ فصل اوّل۔

مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ

بخشش کے ساتھ مجھ کو بخش دے اور مجھ پر رحم فرما بے شک

اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

تو بخشنے والا رحم والا ہے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

اے رب ہمارے دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ[1]

بھلائی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے۔

**سلام** تشہّد اور دعاؤں سے فارغ ہو کر دائیں اور بائیں جانب منہ پھیرتے ہوئے یُوں کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ[2]

سلام ہو تم پر اور رحمت اللہ کی

**بعد نماز کے وظیفے** حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب نماز ختم کرتے تو

---

[1] مشکوٰۃ باب الدعاء فی التشہد

[2] مشکوٰۃ باب الدّعاء فی التشہد فصل دوم۔

www.pdfbooksfree.pk

یہ پڑھتے تھے:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ[1]

اللہ بہت بڑا ہے

## دوسری حدیث

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز سے فارغ ہوتے تو تین مرتبہ یہ پڑھتے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ

اللہ سے بخشش مانگتا ہوں

پھر یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ

الٰہی! آپ سلامتی والے ہیں اور آپ سے سلامتی حاصل ہوتی ہے

تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ[2]

آپ بابرکت ہیں اے بزرگی اور عزت والے

## تیسری حدیث

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا

[1] مشکوٰۃ باب الذکر بعد الصلوٰۃ فصل اوّل۔ [2] مشکوٰۃ باب الذکر بعد الصلوٰۃ فصل اوّل

مجھے تم سے محبّت ہے۔ میں نے عرض کیا، مجھے بھی آپ سے محبّت ہے۔ فرمایا، نماز کے بعد ہمیشہ یہ دُعاء پڑھا کرو:

رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ

الٰہی! مجھے مدد دے کہ میں آپ کی یاد، آپ کا شکر

وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ[1]

اور آپ کی خوب عبادت کرتا رہوں

## چوتھی حدیث

حضرت ابوہُریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ان کلمات کا نماز کے بعد ورد کرے گا، اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں گے تو بھی بخشے جائیں گے۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ مرتبہ[2]

اللہ پاک ہے ہر تعریف اللہ ہی کیلیے ہے اللہ بہت بڑا ہے

## پانچویں حدیث

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ ہر نماز کے بعد یہ پڑھتے تھے:

---

[1] مشکوٰۃ باب الدُّعاء فی التشہد فصل دوم

[2] مشکوٰۃ باب الذکر بعد الصّلوٰۃ فصل اوّل

www.pdfbooksfree.pk

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وُہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ

اسی کی بادشاہی ہے اور وہی سزاوارِ حمد و ثنا ہے اور وہی ہر چیز

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ

پر قادر ہے الٰہی! نہیں روک سکتا جو

اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا

آپ عطا کریں اور نہیں کوئی دے سکتا جو چیز آپ روک دیں اور نہیں

يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ط[1]

فائدہ دے سکتی کسی دولت مند کو آپ کے عذاب سے دولت

## چھٹی حدیث

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے سنا منبر پر فرما رہے تھے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے اُسے بہشت میں داخل ہونے سے سوائے موت کے کوئی چیز روکنے والی نہیں (یعنی مرتے ہی بہشت میں داخل ہو جائے گا)[2]

---

[1] مشکوٰۃ باب الذکر بعد الصلوٰۃ فصل اوّل۔ [2] مشکوٰۃ باب الذکر بعد الصلوٰۃ فصل سوم

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں آیت الکرسی اور سورۂ اخلاص دونوں کو ملاکر پڑھنے کی یہ فضیلت بیان فرمائی گئی ہے۔[1]

## ساتویں حدیث

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ارشاد فرمایا کہ ہر نماز کے بعد قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ط اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ط پڑھا کرو۔[2]

## آٹھویں حدیث

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ جب نماز سے فارغ ہوتے تو تین بار فرماتے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ نماز کے بعد یہ کلمات کہنے والے کو (عبادت کا) پُورا پُورا ثواب مل جاتا ہے۔[3]

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ○

پاک ہے تیرا رب عزت والا ان عیبوں سے جو کافر کہتے ہیں

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○ وَالْحَمْدُ

اور سلام ہو سب رسولوں (علیہم السلام) پر اور ساری تعریفیں

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

اللہ پروردگار عالم کے لیے ہیں

[1] الترغیب والترہیب ص ۴۷۷ ج ۲ طبع مصر

[2] مشکوٰۃ باب الذکر بعد الصلوٰۃ فصل دوم [3] جامع ترمذی صفحہ ۳۹ ج ۱

www.pdfbooksfree.pk

# تسبیح تراویح

رمضان المبارک میں نمازِ عشاء کے بعد اور نمازِ وتر سے پہلے جو بیس ۲۰ رکعتیں پڑھی جاتی ہیں انہیں نمازِ تراویح کہتے ہیں۔ یہ سُنّتِ مؤکدہ ہے۔ افضل یہ ہے کہ ایک ایک سلام سے دو دو رکعت پڑھی جائیں اور ہر چار رکعت کے بعد چار رکعت کے بقدر بیٹھ کر درود شریف اور تسبیح پڑھنے میں وقت صرف کیا جاوے۔ نمازِ تراویح کا باجماعت ادا کرنا بہتر ہے۔ ویسے اکیلے پڑھنا بھی جائز ہے۔ تسبیح تراویح :-

سُبْحٰنَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْتِ ط

پاک ہے وُہ زمین کی بادشاہی اور آسمانوں کی بادشاہی والا

سُبْحٰنَ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْعَظْمَۃِ وَ

پاک ہے وُہ عزت اور بزرگی اور

الْھَیْبَۃِ وَالْقُدْرَۃِ وَالْکِبْرِیَآءِ

ہیبت اور قدرت والا اور بڑائی

وَالْجَبَرُوْتِ ط سُبْحٰنَ الْمَلِکِ الْحَیِّ

اور دبدبے والا۔ پاک ہے بادشاہ (حقیقی) زندہ ہے

الَّذِیْ لَا یَنَامُ وَلَا یَمُوْتُ سُبُّوْحٌ

جو سوتا نہیں اور نہ مرے گا بہت ہی پاک

قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَةِ وَ

اور بہت ہی مقدس ہمارا پروردگار اور فرشتوں اور

الرُّوْحِ ط اَللّٰھُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ ط

روح کا پروردگار الٰہی ہم کو دوزخ سے پناہ دے،

یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ یَا مُجِیْرُ ط

اے پناہ دینے والے، اے پناہ دینے والے، اے پناہ دینے والے۔

# صبح و شام کے وقت کی دعائیں

حضرت عبدالرحمٰن بن غنم رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو صبح کی نماز کے بعد تشہد ہی کی حالت میں قبلہ رُخ ہو کر مندرجہ ذیل کلمہ توحید دس مرتبہ پڑھے، اسی طرح مغرب کی نماز کے بعد، تو اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھی جائیں گی، دس اس کی

www.pdfbooksfree.pk

بُرائیاں معاف ہوں گی۔ دس درجے بُلند ہوں گے اور شام سے صبح تک گناہوں سے محفوظ رہے گا۔[1]

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وُہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ

اسی کا ملک ہے اور وہی حمد کے لائق ہے بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے

يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

وہی جلاتا ہے اور وہی مارتا ہے اور وُہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ط[2]

قادر ہے

## دوسری حدیث

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص ہر صبح و شام تین مرتبہ یہ پڑھے تو اُسے کسی چیز سے نقصان نہ پہنچے گا۔

---

[1] مشکوٰۃ باب الذکر بعد الصلوٰۃ فصل سوم۔ مجمع الزوائد ص ۱۰۸ ج ۱۰ الترغیب والترہیب ص ۳۹۶ جلد اوّل طبع مصر۔ مجمع الزوائد کی ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ذکر کلام کرنے سے پہلے ہو۔

[2] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء الخ فصل دوم۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ

شروع اللہ کے نام سے نہیں نقصان دے سکتی اس کے نام کی

شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَهُوَ

برکت سے کوئی چیز زمین میں اور نہ آسمان میں اور وُہ

السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط[1]

سننے والا جاننے والا ہے

## تیسری حدیث

حضرت ابوبکرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وُہ رسُول اللہ ﷺ کو صبح وشام یہ کلمات پڑھتے سُنا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ

اے اللہ! میرے بدن کو تندرست رکھ اے اللہ میرے کان

فِیْ سَمْعِیْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ

عافیت سے رکھ اے اللہ! عافیت سے رکھ میری آنکھ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ط[2]

کوئی معبود نہیں آپ کے سوا

[1] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل دوم

[2] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل سوم۔ ابوداؤد

www.pdfbooksfree.pk

## چوتھی حدیث

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی صبح و شام یہ دعا پڑھے اُسے کوئی چیز نقصان نہیں پہنچائے گی۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ

پناہ لیتا ہوں میں اللہ کے کامل التاثیر کلمات کی تمام مخلوق کی

مَا خَلَقَ [1]

شرارتوں سے

## پانچویں حدیث

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صبح و شام سات بار یہ وظیفہ پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے دین و دنیا کے تمام فکر دُور کر دیتا ہے:

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ

مجھے اللہ کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں میں نے اسی پر

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ [2]

بھروسہ کیا اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے

[1] مجمع الزوائد ص ۱۲۰ ج ۱۰ بحوالہ طبرانی اوسط۔ مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل اوّل۔

[2] سنن ابی داؤد باب مایقول اذا اصبح وکتاب الاذکار ص ۴۰۔

## چھٹی حدیث۔ سیّدُ الاستغفار

حضرت شدّاد بن اوس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص یہ دُعاء (سیدالاستغفار) صبح کو صدقِ دل سے پڑھے گا پھر اسی دن شام سے پہلے مرجائے وُہ شخص جنتی ہوگا، اور جو رات کو پڑھے اور صبح سے پہلے مرجائے وُہ شخص جنتی ہوگا:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ

اے اللہ! آپ میرے رب ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں آپ نے مجھے بنایا

وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا

اور میں بندہ ہوں آپ کا اور میں آپ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں اپنی

اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْٓءُ

طاقت کے مطابق۔ آپ کی پناہ چاہتا ہوں بُرے کاموں کے وبال سے جو میں نے کیے ہیں

لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ

مجھے اقرار ہے اس احسان کا جو مجھ پر آپ کا ہے اور مجھے اعتراف ہے اپنے گناہوں کا پس بخش دیجیو میرا گناہ

فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ[1]

کیونکہ کوئی نہیں بخشتا گناہ آپ کے سوا۔

[1] مشکوٰۃ باب الاستغفار فصل اوّل

www.pdfbooksfree.pk

## ساتویں حدیث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ صبح و شام ان کلمات کو پڑھتے اور ترک نہیں فرماتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ فِی الدُّنْيَا

اے اللہ میں مانگتا ہوں آپ سے عافیت دنیا میں

وَالْاٰخِرَةِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ

اور آخرت میں اے اللہ میں سوال کرتا ہوں آپ سے گناہوں کی معافی

وَالْعَافِيَةَ فِیْ دِيْنِیْ وَدُنْيَایَ وَاَهْلِیْ

اور تندرستی کا میرے دین اور دُنیا میں اور اہل و

وَمَالِیْ ط اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَاٰمِنْ

مال میں اے اللہ! ڈھانپ لے میرے عیب اور بے فکر کر دے مجھے

رَّوْعَاتِیْ ط اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَيْنِ

خوف کی چیزوں سے اے اللہ! حفاظت کر میری میرے سامنے سے

يَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ يَّمِيْنِیْ وَعَنْ

اور میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے

شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَاَعُوْذُ بِعَظْمَتِكَ

بائیں سے اور میرے اوپر سے اور پناہ لیتا ہوں آپ کی عظمت کی

اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِیْ ط

اس سے کہ میں ہلاک کیا جاؤں اپنے نیچے سے۔

## آٹھویں حدیث

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کو یہ آیتیں پڑھے۔ اُسے اُس دن کے کاموں کا ثواب دیا جائے گا جو اُس کی غفلت سے رہ جائیں اور جو شام کو پڑھے اسے رات کا پورا ثواب ملے گا:

فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِیْنَ تُمْسُوْنَ وَحِیْنَ

پس اللہ ہی پاک اور لائق تعریف ہے جس وقت تمہاری شام اور

تُصْبِحُوْنَ ○ وَلَهُ الْحَمْدُ فِی السَّمٰوٰتِ

صبح ہو اور وہی لائقِ حمد ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَعَشِیًّا وَّحِیْنَ تُظْهِرُوْنَ ○

اور زمین میں اور تیسرے پہر اور ظہر کے وقت بھی اسی کی تعریف ہے۔

مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل دوم

www.pdfbooksfree.pk

يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ

نکالتا ہے زندہ کو مُردہ سے اور نکالتا ہے مُردہ کو

مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ط

زندہ سے اور تازگی بخشتا ہے زمین کو اس کے خشک ہو جانے پر

وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝[1]

(لوگو!) اور اسی طرح آخرت میں تمھیں قبروں سے نکالا جائے گا۔

## نویں حدیث

حضرت ابُو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ رسول اللہ ﷺ ہر صبح یہ دُعاء پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ

الٰہی! آپ کی عنایت سے ہم صبح میں داخل ہوئے اور آپ کی مدد سے ہم شام تک پہنچتے ہیں اور آپ کی

نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ ط

برکت سے زندہ رہتے اور مرتے ہیں اور آپ ہی کے حضور قبروں سے نکل کر حاضر ہونا ہے۔

اور جب شام ہوتی تو یہ دُعاء پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ

اے اللہ! آپ کی برکت سے ہم نے شام کی اور آپ کی مدد سے ہم صبح تک محفوظ رہیں گے اور

[1] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل دوم

نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ط

آپ کے حکم سے زندہ رہتے اور مرتے ہیں اور آپ کی طرف ہے واپسی

## دسویں حدیث

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا، جو شخص صبح کے وقت مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھے تو اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیئے جاتے ہیں وہ شام تک اس کے لیے دُعائیں کرتے ہیں۔ اگر اس دن مر جائے تو شہادت کا ثواب حاصل کرے گا اور جو شخص شام کو پڑھے اسے بھی یہی مرتبہ حاصل ہوگا۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ

میں، اللہ سننے اور جاننے والے کی پناہ لیتا ہوں

الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط[۲] هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ

شیطان مردود سے۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج

عبادت کے لائق نہیں جاننے والا چھپی اور ظاہر چیزوں کو

[۱] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل دوم۔ لیکن متن کے الفاظ میں تقدیم و تاخیر ہے۔

[۲] یہاں تک تین بار کہا جائے۔

www.pdfbooksfree.pk

هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ

وہ بہت مہربان نہایت رحم والا ہے وہی اللہ ہے جس کے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ

سوا کوئی معبود نہیں بادشاہ پاک بے عیب

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ

امن دینے والا نگہبان غالب دبدبے والا

الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○

بڑائی والا پاک ہے اللہ ان چیزوں سے جن کو لوگ شریک مقرر کرتے ہیں۔

هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ

وہی اللہ ہے بنانے والا پیدا کرنے والا صورت بنانے والا اسی کے

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي

نام ہیں بہت اچھے تسبیح بیان کرتی ہے اسکی ہر ہر چیز جو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہی غالب دانا ہے

## گیارہویں حدیث حضرت عبداللہ بن خبیب رضی اللہ عنہ سے

سلہ مشکوٰۃ کتاب القرآن فضائل فصل دوم

روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، پڑھ! میں نے عرض کیا، کیا پڑھوں؟ فرمایا، پڑھ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ

(اے رسول!) کہہ دو وہ اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس

يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ

نے کسی کو جنا اور نہ اسے کسی نے جنا اور نہ ہے . اس کا

كُفُوًا اَحَدٌ ○ ع

ہمسر کوئی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ رحمٰن رحیم کے نام سے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ ۙ مِنْ شَرِّ مَا

(اے رسول!) کہہ دو میں پناہ لیتا ہوں رب صبح کی ہر مخلوق کی تکلیف

خَلَقَ ○ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ ۙ

سے اور اندھیرے کی آفتوں سے جب وہ چھاتے

www.pdfbooksfree.pk

وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ

اور جادو گرہوں سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں اور

شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ع

حاسد کی شرارت سے بھی جب وہ حسد کرے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ رحمان رحیم کے نام سے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ

کہہ دو (اے رسول) میں پناہ لیتا ہوں لوگوں کے رب لوگوں کے بادشاہ

اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ

لوگوں کے معبود کی اس شیطان کی شرارت سے جو وسوسے ڈال کر پیچھے ہٹ

الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ

جانے والا ہے جو وسوسے ڈالتا ہے لوگوں کے سینوں

النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ع

میں (وہ شیطان) جنوں سے ہو یا انسانوں سے

آپ ﷺ نے فرمایا: ہر صبح و شام تین تین بار پڑھو ہر آفت سے بچاؤ کے لیے کافی ہے۔[1]

[1] مشکوٰۃ فضائل القرآن فصل دوم

## بارھویں حدیث

حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ کو یہ بات پہنچی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص شروع دن میں سورۂ یٰسین پڑھے، اس کی سب حاجتیں پوری ہو جائیں گی۔[1]

## تیرھویں حدیث

ابو مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس وقت صبح ہو یہ دعا پڑھو:

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ

ہم پر اور اللہ رب العالمین کے تمام ملک پر صبح کا وقت

الْعٰلَمِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذَا

داخل ہوا اے اللہ! میں آپ سے اس دن کی بہتری

الْيَوْمِ فَتْحَهٗ وَنَصْرَهٗ وَنُوْرَهٗ وَبَرَكَتَهٗ

یعنی فتح و نصرت چاہتا ہوں اور نور اور برکت

وَهُدَاهُ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهِ

اور ہدایت۔ اور پناہ لیتا ہوں آپ کے ساتھ اس دن اور

وَمِنْ شَرِّ مَا بَعْدَهٗ ط

اس کے بعد کی شرارتوں سے

[1] مشکوٰۃ کتاب فضائل القرآن فصل تیسری۔

www.pdfbooksfree.pk

شام ہو تو اس دُعاء کو یوں پڑھا جائے:

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ

ہم پر اور اللہ رب العالمین کے تمام ملک پر شام کا وقت

الْعٰلَمِيْنَ ۚ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ

داخل ہوا اے اللہ میں آپ سے اس رات کی بہتری

اللَّيْلَةِ فَتْحَهَا وَنَصْرَهَا وَنُوْرَهَا وَبَرَكَتَهَا

یعنی فتح اور نصرت اور نور اور برکت

وَهُدٰىهَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا

اور ہدایت چاہتا ہوں اور اس رات اور اس کے بعد کی شرارتوں

وَمِنْ شَرِّ مَا بَعْدَهَا ۚ[1]

سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں

## چودھویں حدیث

صبح کی نماز کے بعد کسی سے ہم کلام ہونے سے پہلے اگر کوئی شخص سات بار یہ دُعاء پڑھ لے پھر اگر اس کو اس رات موت بھی آجائے تو اللہ تعالیٰ اس کو آگ سے پناہ میں رکھے گا اسی طرح مغرب کی نماز کے بعد پڑھ لے تو یہی فضیلت ہے:

[1] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل سوم

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ[1]

اے اللہ! مجھے آگ سے پناہ دیجیو۔

## پندرھویں حدیث

رسول اللہ ﷺ صبح کی نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا

اے اللہ! میں آپ سے چاہتا ہوں فائدہ مند علم اور مقبول

مُّتَقَبَّلًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا[2]

ہونے والا عمل اور پاک روزی

## سولھویں حدیث۔ درود شریف سو بار

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص صبح اور مغرب کی نمازوں کے بعد کلام کرنے سے پہلے سو بار درود پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کی سو ضرورتیں پوری فرماتا ہے۔ تیس دنیا میں اور ستر آخرت میں۔[3]

[1] مشکوٰۃ باب مایقول عند الصباح والمساء والمنام فصل دوم

[2] مشکوٰۃ باب جامع الدعاء فصل سوم۔

[3] فضائل درود شریف از حضرت مولانا زکریاؒ

www.pdfbooksfree.pk

القول البدیع میں اس درُود شریف کے لفظ یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ[1]

یا اللہ! آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما

امید ہے کہ کوئی کم فرصت شخص بھی یہ درُود سَو بار پڑھ لے تو اس ثواب سے محروم نہ رہے گا۔

# خاص موقعوں کی دُعائیں

## مسجد سے نکلنے کی دُعاء

حضرت اُسید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص مسجد سے نکلے تو یہ دُعاء پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ[2]

الٰہی! میں آپ کا فضل چاہتا ہوں۔

## گھر میں داخل ہونے کی دُعاء

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

---

[1] القول البدیع ص ۱۳۱

[2] مشکوٰۃ باب المساجد و مواضع الصلوٰۃ فصل اوّل۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب کوئی شخص گھر میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھ کر گھر والوں کو السلام علیکم کہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ

اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں گھر میں داخل ہونے اور نکلنے کی بہتری کا

بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا ط[1]

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ہم داخل ہوتے ہیں اور اپنے رب ہی پر ہم بھروسہ کرتے ہیں

## کھانے پینے کے وقت کے ذکر

۱۔ کھانا پینا شروع کرتے وقت سب سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط پڑھنا چاہیئے جیسا کہ احادیث میں وارد ہے۔[2]

۲۔ ایک دن آنحضرت ﷺ نے اپنے اصحاب کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا، جس وقت تم کھانے پر ہاتھ ڈالو تو یہ پڑھو:

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ[3] ط

اللہ کا نام لے کر اور اس کی برکت سے کھانا کھاتا ہوں

[1] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم

[2] مشکوٰۃ کتاب الاطعمۃ فصل اوّل

[3] مستدرک حاکم ص ۱۰۷ ج چہارم

www.pdfbooksfree.pk

۳۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب کوئی شخص کھانا کھانے لگے اور بسم اللہ کہنا بھول جائے تو جب یاد آئے یہ پڑھ لے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ [1]

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں کھانے کے اوّل بھی اور آخر بھی

۴۔ حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسُول اللہ ﷺ کھانا کھاتے یا پانی پیتے تو یہ پڑھتے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا

اس اللہ کی سب تعریف ہے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا

وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ [2]

اور ہمیں مسلمان بنایا

۵۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسُول اللہ ﷺ کھانے پینے کے بعد یہ پڑھتے تھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَطْعَمَ وَسَقٰی وَسَوَّغَهٗ

تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جس نے کھلایا پلایا اور حلق کے راستے بسہولت اتارا

[1] مشکوٰۃ کتاب الاطعمۃ فصل دوم

[2] مشکوٰۃ کتاب الاطعمۃ فصل دوم۔ سنن ابی داؤد کے بعض نسخوں میں مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ہے۔

وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا ط[1]

اور اس کے (فضلے کے) نکالنے کا راستہ بنایا

## دودھ پینے کی دُعا

دودھ پی کر یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ ط[2]

اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت دے اور اس سے زیادہ دے

## گھبراہٹ کے وقت کی دُعا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور انور ﷺ صحابہؓ کو فزع یعنی گھبراہٹ کے وقت ان کلمات کے پڑھنے کی تلقین فرماتے تھے۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ

میں اللہ کے تمام کلمات تامہ سے پناہ مانگتا ہوں اس کے غضب سے اور مواخذہ سے

وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ

اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطان کے وسوسوں سے اور اس سے کہ یہ

يَّحْضُرُوْنِ ط[3]

میرے قریب ہوں۔

[1] ابی داؤد [2] مشکوٰۃ باب الاشربہ فصل دوم

[3] ابوداؤد و الترمذی

www.pdfbooksfree.pk

## بدخوابی، بے چینی اور نیند نہ آنے کی دُعا

حضرت بُریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت خالد بن ولیدؓ نے حضورِ اکرم ﷺ سے رات کی بے چینی اور نیند نہ آنے کی شکایت کی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ اے خالد جب سونے کیلیے بستر پر لیٹو تو یہ دُعا پڑھو:۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَآ اَظَلَّتْ وَ

اے اللہ! جو ربّ ہے سات آسمانوں کا اور سب چیزوں کا جو اس کے نیچے ہیں اور

رَبَّ الْاَرَضِیْنَ وَمَآ اَقَلَّتْ وَرَبَّ الشَّیٰطِیْنِ

ربّ ہے تمام زمینوں کا اور جو اس کے اوپر اور اندر ہے جو ربّ ہے شیاطین کا

وَمَآ اَضْلَلْنَ کُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ شَرِّ خَلْقِكَ

اور ان کی گمراہ کن سرگرمیوں کا اپنی ساری مخلوق کے شر سے

کُلِّھِمْ جَمِیْعًا اَنْ یَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ اَوْ اَنْ

مجھے پناہ میں رکھ کہ کوئی مجھ پر زیادتی اور ظلم نہ کرنے پائے باعزت اور محفوظ ہے وہ

یَّطْغٰی عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَلَآ اِلٰهَ

جس کو تیری پناہ حاصل ہے تیری حمد و ثناء کا مقام بلند ہے

غَیْرُكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ[1]

تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

[1] ترمذی شریف

# کھانے پینے کے ضرر سے محفوظ رہنے کی دُعا

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب تم کھانا کھاؤ یا پانی پیو تو یہ دُعا پڑھ لو تو تم کو کوئی نقصان نہ ہوگا اگرچہ اس میں زہر ہی کیوں نہ ہو۔ [1]

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ

اللہ کے نام سے اور اس اللہ کے نام سے جس کے نام کی برکت سے کوئی شے ضرر

فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

نہیں پہنچا سکتی زمین و آسمان کی اے زندہ اور قائم رہنے والے

# دوزخ سے نجات کی دُعا

حدیث شریف میں آتا ہے کہ جو شخص نمازِ مغرب سے فارغ ہو کر کسی سے بات کرنے سے پہلے یہ دُعا ۷ مرتبہ پڑھ لے اور پھر اسی رات اس کی موت آجائے تو دوزخ سے ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو گیا اور اگر یہ دُعا ۷ مرتبہ نمازِ فجر کے بعد کسی سے بات کئے بغیر پڑھ لے اور اسی دن مر جائے تو دوزخ سے محفوظ رہے گا۔ [2]

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ

اے اللہ! مجھے آتش دوزخ سے بچا۔

[1] کنز العمال ۱۹/۱۸۱ [2] مقلوۃ عن ابی داؤد

www.pdfbooksfree.pk

## مشکل وقت کی دعا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا

جب کسی کو بھی کوئی دشوار امر پیش آئے تو وہ اللہ سے رجوع کر کے کہے :-

اَللّٰھُمَّ لَا سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَہٗ سَھْلًا وَّ اَنْتَ

اے اللہ! کوئی امر سہل بآسانی نہیں جب تک کہ تو اس کو آسان نہ کر دے اور تو

تَجْعَلُ الْحَزْنَ سَھْلًا[1]

ہر غم کو آسان کر دیتا ہے۔

## بازار میں داخل ہوتے وقت

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

جو شخص بازار میں داخل ہو اور یہ کلمات پڑھے :

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کا

الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ

ملک ہے اور اسی کی تعریف ہے وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے

[1] (رواہ ابن حبان عن انس رفعًا وصححہ)

وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ

اور وُہ زندہ ہے کبھی نہیں مرے گا بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے اور وُہ

عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

ہر چیز پر قادر ہے

تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھتا ہے اور اس کی دس لاکھ بُرائیاں دُور کرتا ہے اور دس لاکھ درجے بلند کرتا ہے اور جنّت میں اس کے لیے ایک گھر تیار کرتا ہے۔[1]

دوسری دُعا: بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

اللہ کے نام سے، اے اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں

خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَاَعُوْذُبِكَ

بھلائی اس بازار کی اور اس کی بھلائی جو اس میں ہے اور پناہ لیتا ہوں آپ

مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ

کے ساتھ اس کی بُرائیوں سے اور ان برائیوں سے جو اس میں ہیں۔ اے اللہ میں آپ کے ساتھ پناہ

اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا صَفْقَةً خَاسِرَةً ط[2]

چاہتا ہوں اس سے کہ پہنچے مجھ کو اس میں کوئی سودا گھاٹے کا۔

[1] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم

[2] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل سوم

www.pdfbooksfree.pk

## بیماری اور بیمار پرسی کے وقت کی دعائیں

۱۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے

روایت ہے کہ جس وقت ہم میں سے کوئی بیمار ہوتا تو رسول اللہ ﷺ اس پر اپنا دایاں ہاتھ پھیرتے اور یہ دعا پڑھتے:

اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِیْ

دور کر تکلیف اے پروردگار خلقت کے اور شفا بخش آپ ہی شفا دینے والا

لَا شِفَآءَ اِلَّا شِفَآؤُكَ شِفَآءً لَّا یُغَادِرُ سَقَمًا[1]

ہے۔ نہیں ہے شفا مگر آپ ہی کی طرف سے ایسی شفا دے کہ کسی قسم کی بیماری نہ چھوڑے

۲۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب بیمار کے پاس تشریف لے جاتے تو اس طرح اس کی تسلی فرماتے:

لَا بَاْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ[2]

کوئی حرج نہیں یہ بیماری انشاء اللہ تجھے گناہوں سے پاک کرے گی

۳۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک صحابی کو یہ ارشاد فرمایا کہ مریض مقام درد پر ہاتھ رکھ کر تین دفعہ بِسْمِ اللّٰهِ کہے، پھر سات مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے اللہ کے فضل سے درد دور ہو جائے گا:

---

[1] مشکوٰۃ باب عیادۃ المریض فصل اوّل

[2] مشکوٰۃ باب عیادۃ المریض فصل اوّل

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَآ

میں پناہ لیتا ہوں اللہ کے غلبے اور اس کی قدرت کی ہر اس تکلیف سے جسے

اَجِدُ وَاُحَاذِرُ[1]

میں پاتا ہوں اور اس سے بچنا چاہتا ہوں۔

## قریبِ مرگ تلقین کا بیان

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ مرنے والے کے پاس یہ کلمہ پڑھو:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ[2]

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں

## جنازہ[3] کی دعا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب جنازہ پڑھتے تو فرماتے:

[1] مشکوٰۃ باب عیادۃ المریض فصل اول۔ دانت، کان کے درد کا علاج صفحہ ۹۰ پر دیکھیے۔

[2] مشکوٰۃ باب مایقال عند من حضرۃ الموت۔ فصل اوّل۔

[3] نیت:۔ رو بقبلہ ہو کر دل میں یہ نیت کرے کہ چار تکبیر نماز جنازہ، ثنا واسطے خدا کے، درود رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر، دعا واسطے اس میت کے۔ اگر ان ہی الفاظ کو زبان سے بھی کہہ لے تو اچھا ہے۔ نماز جنازہ کا طریقہ یہ ہے کہ باقاعدہ وضو کر کے قبلہ رُو ہو کر تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھ لے اور ثناء، تعوذ، پڑھے پھر دوسری تکبیر کے بعد درود شریف پھر تیسری تکبیر کے بعد یہ مسنون دعا پڑھے اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دے۔

www.pdfbooksfree.pk

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا

اے اللہ! بخش دے ہمارے زندوں کو اور مُردوں کو، حاضر رہنے والوں کو

وَغَآئِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَ

اور غائب رہنے والوں کو اور ہمارے چھوٹے اور بڑے کو اور ہمارے مَردوں اور

اُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ[1]

عورتوں کو اے اللہ! آپ جسے زندہ رکھیں ہم میں سے تو اس کو زندہ رکھیے

عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ

اسلام پر اور جس کو وفات دیں ہم میں سے تو وفات دیجئے

عَلَی الْاِیْمَانِ

اس کو ایمان پر

## نابالغ لڑکے کیلئے دُعاء

میّت نابالغ لڑکا ہو تو تیسری تکبیر کے بعد یہ دُعاء پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْہُ لَنَآ اَجْرًا وَّ

الٰہی اس (لڑکے) کو ہمارے لیے آگے پہنچ کر سامان کرنے والا بنادے اور اس کو ہمارے لیے اجر (کا موجب) اور

ذُخْرًا وَّاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا

وقت پر کام آنے والا بنادے اور اس کو ہماری سفارش کرنیوالا بنادے اور جسکی سفارش منظور ہو جائے

[1] مشکوٰۃ باب المشی بالجنازہ والصلوٰۃ علیہا فصل دوم

## نابالغ لڑکی کیلئے دعا

میت نابالغ لڑکی ہو تو تیسری تکبیر کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْھَا لَنَا اَجْرًا وَّ

الٰہی اس (لڑکی) کو ہمارے لیے آگے پہنچ کر سامان کرنے والی بنادے اور اس کو ہمارے لیے اجر (کی موجب) اور

ذُخْرًا وَّاجْعَلْھَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً [1]

وقت پر کام آنے والی بنادے اور اسکو ہمارے لیے سفارش کرنیوالی بنادے اور وہ جس کی سفارش منظور ہو جائے

## میت کو قبر میں اتارتے وقت

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب میت کو قبر میں اتارتے تو یہ پڑھتے:

بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰہِ [2]

اللہ کا نام لے کر، اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ (ﷺ) کے طریق پر اتارتا ہوں۔

## قبر پر مٹی ڈالتے وقت

مِنْھَا خَلَقْنٰکُمْ وَفِیْھَا

تم کو ہم نے اس سے پیدا کیا اور اسی میں ہم تم کو

نُعِیْدُکُمْ وَمِنْھَا نُخْرِجُکُمْ تَارَةً اُخْرٰی

لوٹائیں گے اور اسی سے تم کو دوبارہ نکالیں گے۔

[1] مشکوٰۃ باب المشی بالجنازہ والصلوٰۃ علیہا فصل سوم۔ [2] مشکوٰۃ باب دفن المیت فصل دوم۔

www.pdfbooksfree.pk

## میّت کے دفن کرنے کے بعد

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب میّت کے دفن سے فارغ ہو جاتے تو وہاں کچھ عرصہ ٹھہرتے اور اپنے اصحابِ کرام رضی اللہ عنہم سے فرماتے۔ اپنے بھائی کے لیے استغفار کرو اور اس کے ایمان پر ثابت[1] رہنے کے لیے دعا کرو۔ کیونکہ اب اس سے سوال کیا جا رہا ہے[2]۔

## قبروں کی زیارت کے وقت

حضرت بریرہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ مسلمانوں کی قبروں پر جا کر پڑھنے کے لیے یہ سکھلاتے تھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

تم پر سلامتی ہو اے ان گھروں کے رہنے والے مومنو

وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ

اور مسلمانو اور اگر اللہ نے چاہا تو ہم بھی تمہارے پاس یقیناً پہنچنے والے ہیں

نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ[3]

ہم اپنے اور تمہارے لیے اللہ سے عافیت چاہتے ہیں۔

[1] یعنی یوں دعا کی جائے: اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْهُ بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ (الٰہی آپ اس کو پکی بات (کلمہ طیبہ) پر قائم رکھیں) [2] مشکوٰۃ باب اثبات عذاب القبر فصل دوم [3] مشکوٰۃ باب زیارت القبور فصل اوّل۔

# جَامِعُ الدُّعَآءِ

## دُعائے استخارہ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں دُعائے استخارہ اس طرح سکھلاتے تھے جس طرح قرآن مجید کی کوئی سُورت ہو، فرماتے کہ جس کو کوئی حاجت ہو وُہ دو رکعت نماز ادا کرے، پھر یہ دُعا پڑھے اور بجائے هٰذَا الْاَمْرَ کے اپنی حاجت کا نام لے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ

اے اللہ! میں آپ سے آپ کے علم کی بدولت بھلائی چاہتا ہوں اور آپکی قدرت کی برکت

بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ ط

سے طاقت مانگتا ہوں اور آپ سے بڑا فضل چاہتا ہوں

فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ

کیونکہ آپ طاقت رکھتے ہیں اور میں کمزور ہوں اور آپ جانتے ہیں اور میں نادان ہوں

وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ

اور آپ چھپی ہوئی چیزیں بھی جانتے ہیں الٰہی! اگر آپ کے علم میں

www.pdfbooksfree.pk

تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

میرا یہ کام بہتر ہے میرے لیے دین

وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ

اور دُنیا اور انجام کار میں تو مقدّر کر اس کو

وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ

اور آسان کر اس کو میرے لیے پھر مجھے بھی برکت عطا کر اور اگر آپ کے

تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

علم میں یہ کام بُرا ہے میرے لیے دین

وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ

اور دُنیا اور انجام کار میں تو دُور کر دیجیے اس کو مجھ سے

وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ

اور دُور کر دیجئے مجھے اس سے اور مقدّر کر میرے لیے خیر جہاں کہیں

كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ[1]

ہو پھر مجھے اس پر راضی کر دے

[1] مشکوٰۃ باب التطوع فصل اوّل۔

## دعائے حاجت

حضرت عبداللہ بن اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی حاجت ہو یا کسی بندے سے کوئی کام ہو تو وضو کر کے دو رکعت نماز ادا کرے پھر اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے اور نبی ﷺ پر درود بھیجے۔ پھر یہ دعا پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بردبار بزرگ ہے پاک ہے اللہ تعالیٰ

رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

مالک عرش عظیم کا اور سب تعریفیں ہیں اللہ رب

الْعٰلَمِيْنَ ط اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ

العالمین کے لیے میں سوال کرتا ہوں اسباب آپ کی رحمت کے اور سامان

مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ

آپ کی بخشش کے اور حصہ ہر نیکی سے اور سلامتی

مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ

ہر گناہ سے نہ چھوڑیئے میرا کوئی گناہ مگر اسے بخش دیجیے

www.pdfbooksfree.pk

وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِیَ لَكَ

اور نہ کوئی پریشانی مگر اسے دُور کر دیجیے اور نہ کوئی حاجت جو آپ کی

رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط[1]

پسندیدہ ہو مگر اُسے پوری کر دیجیے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

## لڑائی کے وقت کی دُعاء

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خندق کی لڑائی کے وقت ہم نے رسُولِ اکرم ﷺ سے عرض کیا، ہمارے کلیجے منہ کو آ گئے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا، یہ دُعاء پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَّوْعَاتِنَا

یا الٰہی! ہمارے عیب ڈھانپ لے اور گھبراہٹوں سے امن دے۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے تیز ہوا سے دشمنانِ دین کو بھگا دیا۔[2]

## غمگین کی دُعاء

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا غمگین یہ دُعاء پڑھے:

اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ اَرْجُوْا فَلَا تَكِلْنِیْ اِلٰی

الٰہی! میں آپ کی رحمت کا امیدوار ہوں مجھے ایک لحظے کیلیے بھی

[1] مشکوٰۃ باب التطوع فصل دوم

[2] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل سوم

نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ وَّاَصْلِحْ لِیْ شَاْنِیْ کُلَّهٗ

میرے نفس کے سپرد نہ کر (یعنی اپنی دستگیری کا ہاتھ میرے سر سے نہ اٹھا) اور میری حالت بالکل درست

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ [1]

کردے۔ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

## بے قراری کے وقت کی دُعاء

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی وجہ سے بے قرار ہوتے تو یہ دُعاء پڑھتے:

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ [2]

اے زندہ! اے تھامنے والے میں آپ کی رحمت کا امیدوار ہوں

## نیا چاند دیکھنے کی دُعاء

حضرت طلحہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ جب نیا چاند دیکھتے تو یہ دُعاء پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَیْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِیْمَانِ

اے اللہ! یہ چاند نکال ہم پر ساتھ امن و ایمان

[1] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم

[2] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل سوم

www.pdfbooksfree.pk

وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ ط[1]

اور سلامتی اور اسلام کے (اے چاند) میرا اور تیرا رب اللہ ہے

## افطاری کی دُعا

۱۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ

الٰہی! آپ کے لیے میں نے روزہ رکھا

وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ[2]

اور آپ کے رزق پر اس کو افطار کیا

## نیا کپڑا پہننے کے وقت

حضرت عُمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص نیا کپڑا پہن کر یہ پڑھے۔ پھر پرانا کپڑا اللہ کے نام دے دے تو وُہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہتا ہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَآ اُوَارِیْ بِهٖ[1]

سزاوارِ حمد ہے وُہ اللہ جس نے پہنائی مجھے وُہ چیز جو چھپاؤں اس کے ساتھ

عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ ط[3]

اپنا ستر اور زینت حاصل کروں اس کے ساتھ اپنی زندگی میں

[1] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم
[2] مشکوٰۃ ص ۱۷۵ کتاب الصوم
[3] مشکوٰۃ کتاب اللباس فصل سوم

## آئینہ دیکھنے کی دعا

متعدد صحابہ رضی اللہ عنہم روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ آئینہ دیکھتے وقت یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰھُمَّ کَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ [1]

الٰہی! آپ نے جیسے میری صورت اچھی بنائی میری سیرت بھی اچھی بنا دے۔

## مجلس کے گناہوں کا کفّارہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مجلس میں بیٹھے اور فضول باتیں کرتا رہے۔ پھر اُٹھنے سے پہلے یہ کلمات پڑھے تو اس شخص سے اس مجلس میں جس قدر گناہ ہوئے ہیں وہ سب بخشے جائیں گے:

سُبْحٰنَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ

پاک ہے تُو اے اللہ اور اپنی خوبیوں کے ساتھ، میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ [2]

معبود نہیں آپ کے سوا میں آپ سے بخشش چاہتا ہوں اور آپ کی طرف رجوع کرتا ہوں

## مُصیبت زدہ کو دیکھ کر

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص

[1] ابن حبان۔ دارمی۔ عن ابن مسعود و عائشہ [2] جامع ترمذی ص ۱۸۱ جلد ۲۔ باب مایقول اذا قام من مجلسہ

www.pdfbooksfree.pk

کسی (مادی، روحانی) مُصیبت زدہ کو دیکھے تو یہ کلمات پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُسے اس مصیبت سے ضرور محفوظ رکھے گا۔ (کسی مبتلائے مرض کو دیکھ کر آہستہ پڑھے تو بہتر ہے)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ

اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے اس بلا سے بچایا جس میں اس نے تجھے مبتلا کیا

وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا [1]

اور فضیلت عطا کی مجھے اکثر مخلوق پر

## ادائیگیٔ قرض کی دُعاء

حضرت ابُوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص مقروض ہوگیا تھا۔ اس سے رسولُ اللہ ﷺ نے فرمایا تمھیں وُہ کلام سکھلا دیتا ہوں کہ اس کی برکت سے اللہ تیرا غم دُور اور قرض ادا کر دے گا۔ صبح و شام یہ دُعاء پڑھا کرو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ

اے اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں فکر و غم سے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُ بِكَ

اور آپ کی پناہ چاہتا ہوں ناتوانی اور سستی سے اور بچاؤ چاہتا ہوں

[1] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم

مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ

آپ کے ساتھ بخل اور بزدلی سے اور پناہ میں آتا ہوں آپ کی قرض

الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ[1]

کے غلبے اور لوگوں کے سخت دباؤ سے۔

## دُوسری دُعا

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک غلام نے عرض کیا: میں اپنے آقا کو رقم ادا کر کے جلدی آزادی چاہتا ہوں۔ آپ میری مدد فرمائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تجھے دو کلمے سکھلا دیتا ہوں جو مجھے رسُول اللہ ﷺ نے سکھلائے تھے۔ اگر تجھ پر پہاڑ کے برابر بھی قرضہ ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ادا کر دے گا۔ وُہ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

الٰہی! حاجتیں پوری کر میری حلال روزی سے اور بچا حرام سے

وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ[2]

اور بے پرواہ کر دے مجھ کو اپنے فضل کے ساتھ اپنے ماسوا سے۔

## کشائش رِزق کی دُعا

۱۔ درج ذیل کلمہ پڑھنے کی برکت سے ستّر تکلیفیں اللہ تعالیٰ دُور کر دیتا ہے جن میں سب سے کم درجے کی تکلیف فقر و فاقہ ہے۔

[1] [2] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم

www.pdfbooksfree.pk

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا مَلْجَأَ وَلَا

نہیں ہے طاقت نقصان سے بچنے اور نہ فائدہ حاصل کرنے کی اللہ کے سوا اور نہیں ہے جائے پناہ اور

مَنْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ[1]

نہ جائے نجات اللہ سے مگر اسی کی طرف۔

## بارش کی دعا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دفعہ بارش بند ہو گئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح سویرے ہی بمع صحابہ رضی اللہ عنہم کے عیدگاہ میں تشریف لے گئے ابھی آفتاب کا ایک کنارہ ظاہر ہوا تھا۔ منبر پر بیٹھ کر آپ ﷺ نے یہ دعا پڑھی:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو رب ہے جہانوں کا بڑا رحم کرنے والا

الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

بڑا مہربان مالک دن جزا کا اللہ کے سوا کوئی

اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ؕ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ

معبود نہیں جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے الٰہی! تو ہی اللہ ہے نہیں

اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَآءُ

ہے کوئی معبود سوائے آپ کے تو ہی غنی ہے اور ہم محتاج ہیں

[1] مشکوٰۃ باب آداب التسبیح والتہلیل

اَنْزِلْ عَلَيْنَا الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَآ اَنْزَلْتَ

برسا ہم پر بارش اور کردے بارانِ رحمت کو ہماری قوت

لَنَا قُوَّةً وَّ بَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ[1]

کا سبب اور پہنچنے کا ایک وقت (موت) تک

## دوسری دعا

اَللّٰهُمَّ اسْقِ عِبَادَكَ وَبَهَآئِمَكَ

الٰہی! پانی پلا اپنے بندوں کو اور اپنے چوپایوں کو

وَانْشُرْ رَحْمَتَكَ وَاَحْيِ بَلَدَكَ الْمَيِّتَ[2]

اور پھیلادے اپنی رحمت اور زندہ کردے اپنے مردہ شہر

## کثرتِ باراں سے خوف کی دعا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث میں آیا ہے کہ بارش کی کثرت سے نقصان کے خدشہ کے وقت رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا فرمائی:

اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا اَللّٰهُمَّ عَلَى الْاٰكَامِ

اے اللہ! ہمارے آس پاس برسا ہم پر نہیں اے اللہ ٹیلوں پر ہو

وَالْجِبَالِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِيَةِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ[3]

اور پہاڑوں پر اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور پہاڑی نالوں پر اور جہاں درخت پیدا ہوتے ہیں۔

[1] سنن ابی داؤد

[2] ابوداؤد ص ۱۶۶ ج ۱ [3] صحیح البخاری ج اوّل ص ۱۳۸، طبع اصح المطابع دہلی

www.pdfbooksfree.pk

## توبہ کی دُعائیں

رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب کسی سے کوئی گناہ سرزد ہو اور توبہ کرنا چاہے تو اپنے ہاتھ اللہ تعالیٰ کے آگے پھیلائے پھر یہ دُعا پڑھے:

۱- اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتُوْبُ اِلَیْکَ مِنْھَا لَا اَرْجِعُ

الٰہی! میں آپ کے سامنے اس گناہ سے توبہ کرتا ہوں پھر کبھی نہ لوٹوں گا

اِلَیْھَا اَبَدًا[1]

اس کی طرف

۲- ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا۔ اس نے اپنے گناہ پر افسوس کا اظہار کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا، یہ دُعا پڑھ:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْتُکَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَ

اے اللہ! میرے گناہوں سے آپ کی بخشش زیادہ ہے اور

رَحْمَتُکَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ[2]

اپنے عمل کی نسبت مجھے آپ کی رحمت کی زیادہ امید ہے۔

## صلوٰۃ التسبیح

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے اپنے چچا عباس رضی اللہ عنہ کو فرمایا: چار

---

[1] مستدرک حاکم ص ۵۱۶ ج اوّل۔ [2] مستدرک حاکم ص ۵۴۳ جلد اوّل

رکعت پڑھو۔ اللہ سب گناہ بخش دے گا۔ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ اور کوئی دوسری سورت ملاؤ۔ پھر پندرہ بار یہ تسبیح پڑھو:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ

اللہ پاک ہے اور اللہ تمام تعریفوں کے لائق ہے اور اللہ کے سوا

اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ[1]

کوئی معبود نہیں اور اللہ بہت بڑا ہے۔

پھر رکوع اور قومہ میں، دونوں سجدوں اور ان کے درمیان کے وقفے اور جلسہ استراحت میں دس دس بار یہی پڑھو۔ اس طرح ایک رکعت میں پچھتّر (۷۵) تسبیحات ہو جائیں گی۔ چاروں رکعتیں اسی طرح پڑھو۔ مناسب یہ ہے کہ اسے ہر روز پڑھو، ورنہ ہر جمعہ کے دن ایک بار۔ ورنہ سال میں ایک دفعہ، ورنہ عمر میں ایک مرتبہ بھی پڑھی جا سکتی ہے[2]۔

## اسمِ اعظم

حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں یہ دعا کی تھی:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ

الٰہی! آپ کے سوا کوئی معبود نہیں آپ پاک ہیں بلاشبہ میں ہی

[1] مشکوٰۃ باب صلوٰۃ التطوع [2] ایضاً

www.pdfbooksfree.pk

مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

ظالم ہوں۔

جو مسلمان کسی حاجت کے وقت اللہ تعالیٰ سے مذکورہ بالا دُعا کرتا ہے اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے اور اس کی حاجت پُوری کر دیتا ہے۔[1]

## اسمائے حُسنیٰ

حضرت ابُوہریرہ رضی اللہ عنہ سے رِوایت ہے کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا، بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں۔ جو کوئی شخص ان کو یاد کرے گا وُہ جنت میں داخل ہوگا۔[2]

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط

وُہ اللہ جو نہیں ہے کوئی معبود اس کے سوا

| | | | |
|---|---|---|---|
| الرَّحْمٰنُ | الرَّحِیْمُ | الْمَلِكُ | الْقُدُّوْسُ |
| بہت مہربان | نہایت رحم والا | بادشاہ | پاک ذات |
| السَّلَامُ | الْمُؤْمِنُ | الْمُهَیْمِنُ | الْعَزِیْزُ |
| سلامتی والا | امن دینے والا | نگرانی کرنے والا | غالب |
| الْجَبَّارُ | الْمُتَكَبِّرُ | الْخَالِقُ | الْبَارِئُ |
| زبردست | بڑائی والا | بنانے والا | پیدا کرنے والا |

[1] مشکوٰۃ باب اسماء اللہ تعالیٰ فصل دوم [2] ایضاً

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْمُصَوِّرُ | الْغَفَّارُ | الْقَهَّارُ | الْوَهَّابُ |
| صورتیں بنانے والا | بخشنے والا | دباؤ والا | بہت دینے والا |
| الرَّزَّاقُ | الْفَتَّاحُ | الْعَلِيْمُ | الْقَابِضُ |
| روزی دینے والا | کھولنے والا | جاننے والا | تنگ کرنے والا |
| الْبَاسِطُ | الْخَافِضُ | الرَّافِعُ | الْمُعِزُّ |
| کشادہ کرنے والا | پست کرنے والا | بلند کرنے والا | عزت دینے والا |
| الْمُذِلُّ | السَّمِيْعُ | الْبَصِيْرُ | الْحَكَمُ |
| ذلیل کرنے والا | خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا | فیصلہ کرنے والا |
| الْعَدْلُ | اللَّطِيْفُ | الْخَبِيْرُ | الْحَلِيْمُ |
| انصاف کرنے والا | مہربان | خبر رکھنے والا | بردبار |
| الْعَظِيْمُ | الْغَفُوْرُ | الشَّكُوْرُ | الْعَلِيُّ |
| بہت عظمت والا | خوب بخش دینے والا | قدر دان | بلندی والا |
| الْكَبِيْرُ | الْحَفِيْظُ | الْمُقِيْتُ | الْحَسِيْبُ |
| بہت بڑا | حفاظت کرنے والا | روزی پہنچانے والا | کفایت کرنے والا |
| الْجَلِيْلُ | الْكَرِيْمُ | الرَّقِيْبُ | الْمُجِيْبُ |
| بزرگی والا | عزت والا | نگہبان | قبول کرنے والا |

www.pdfbooksfree.pk

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْوَاسِعُ | الْحَكِيْمُ | الْوَدُوْدُ | الْمَجِيْدُ |
| کشائش والا | حکمت والا | محبت کرنے والا | بڑی شان والا |
| الْبَاعِثُ | الشَّهِيْدُ | الْحَقُّ | الْوَكِيْلُ |
| اٹھانے والا | حاضر | سچا مالک | کام بنانے والا |
| الْقَوِيُّ | الْمَتِيْنُ | الْوَلِيُّ | الْحَمِيْدُ |
| زور آور | قوت والا | حمایت کرنے والا | خوبیوں والا |
| الْمُحْصِي | الْمُبْدِئُ | الْمُعِيْدُ | الْمُحْيِي |
| گننے والا | پہلی بار پیدا کرنے والا | دوبارہ پیدا کرنے والا | زندہ کرنے والا |
| الْمُمِيْتُ | الْحَيُّ | الْقَيُّوْمُ | الْوَاجِدُ |
| مارنے والا | زندہ | سب کا تھامنے والا | پانے والا |
| الْمَاجِدُ | الْوَاحِدُ | الْاَحَدُ | الصَّمَدُ |
| عزت والا | اکیلا | ایک | بے احتیاج |
| الْقَادِرُ | الْمُقْتَدِرُ | الْمُقَدِّمُ | الْمُؤَخِّرُ |
| قدرت والا | مقدور والا | آگے کرنے والا | پیچھے کرنے والا |
| الْاَوَّلُ | الْاٰخِرُ | الظَّاهِرُ | الْبَاطِنُ |
| سب سے پہلے | سب سے آخر | ظاہر | پوشیدہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| الْوَالِی | الْمُتَعَالِی | الْبَرُّ | التَّوَّابُ |
| مالک | بلند صفتوں والا | احسان کرنے والا | توبہ قبول کرنے والا |
| الْمُنْتَقِمُ | الْعَفُوُّ | الرَّءُوْفُ | مٰلِكُ الْمُلْكِ |
| بدلہ لینے والا | معاف کرنے والا | نرمی کرنے والا | بادشاہی کا مالک |
| ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ | الْمُقْسِطُ | الْجَامِعُ | |
| جلال والا اور انعام والا | انصاف کرنے والا | اکٹھا کرنے والا | |
| الْغَنِیُّ | الْمُغْنِی | الْمَانِعُ | الضَّآرُّ |
| بے پرواہ | بے پرواہ کرنے والا | روکنے والا | نقصان پہنچانے والا |
| النَّافِعُ | النُّوْرُ | الْهَادِی | الْبَدِیْعُ |
| نفع دینے والا | روشن کرنے والا | ہدایت دینے والا | نئی طرح پیدا کرنیوالا |
| الْبَاقِی | الْوَارِثُ | الرَّشِیْدُ | الصَّبُوْرُ |
| باقی رہنے والا | سب کا وارث | نیک راہ بتانے والا | صبر کرنے والا |

**استعاذہ کی دعائیں** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم مصائب سے بچنے کیلیے اللہ تعالیٰ سے اس طرح پناہ مانگا کرو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرَكِ

الٰہی! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں بلا کی مشقت سے اور بدبختی

www.pdfbooksfree.pk

الشَّقَآءِ وَسُوْءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ[1]

کے ملنے سے اور بُرے فیصلے سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے

۲۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ عافیت کے لیے اکثر یہ دعا کیا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ

الٰہی! میں آپ کی پناہ میں آتا ہوں آپ کی دی ہوئی نعمت کے زائل ہونے اور آپ کی

عَافِيَتِكَ وَفُجَآءَةِ نِقْمَتِكَ وَجَمِيْعِ سَخَطِكَ[2]

دی ہوئی عافیت کے بدل جانے اور آپ کے ناگہانی عتاب اور ہر طرح کے غصے سے۔

## اخلاقِ رذیلہ سے بچنے کی دعا

شانِ مسلم یہ ہے کہ نفاق، ریا، کینہ اور عاداتِ رذیلہ وغیرہ سے پاک و صاف ہو، اس کے لیے یہ دعا پڑھنی چاہیئے، جسے حضرت اُم معبد رضی اللہ عنہا نے روایت کیا ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ دعا کرتے سنا تھا:

اَللّٰهُمَّ طَهِّرْ قَلْبِیْ مِنَ النِّفَاقِ وَعَمَلِیْ مِنَ

الٰہی! پاک کر دے میرے دل کو نفاق سے اور عمل کو

الرِّيَآءِ وَلِسَانِیْ مِنَ الْكَذِبِ وَعَيْنِیْ مِنَ

ریا سے اور زبان کو جھوٹ سے اور آنکھ کو

[1] مشکوٰۃ باب الاستعاذہ فصل اوّل [2] ایضاً

الْخِيَانَةِ فَإِنَّكَ تَعْلَمُ خَائِنَةَ الْأَعْيُنِ

خیانت سے کیونکہ آپ آنکھ کی چوری

وَمَا تُخْفِي الصُّدُورُ ط[1]

اور سینوں کی پوشیدہ باتوں کو جانتے ہیں

## سواری کی دُعا

سواری پر قدم رکھے تو کہے بِسْمِ اللّٰہِ (یعنی اللّٰہ کے نام سے) سوار ہو چکے تو کہے:

سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ

اللّٰہ پاک ہے جس نے ہمارے لیے یہ سواری (جونسی بھی ہو) تابع

مُقْرِنِينَ ط وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ ط

کردی ہے اور ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

پھر تین بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور تین بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر یہ دُعا پڑھے:

سُبْحٰنَكَ رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي

تو پاک ہے اے میرے رب میں نے اپنی جان پر ظلم کیا مجھے بخش

فَإِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ ط[2]

کیونکہ گناہوں کا بخشنے والا تیرے سوا کوئی نہیں۔

[1] مشکوٰۃ باب جامع الدعاء فصل سوم، [2] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم

www.pdfbooksfree.pk

## سفر کے وظائف و اذکار

۱۔ سفر کو جانے سے قبل ۲ رکعت نماز پڑھ لینی مستحب ہے۔[1]

۲۔ رسول اللہ ﷺ کسی شخص کو وداع کرتے تو اس کا ہاتھ پکڑتے اور فرماتے:

اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَاَمَانَتَكَ وَ

میں سونپتا ہوں اللہ کو تیرا دین اور تیری امانت اور

اٰخِرَ عَمَلِكَ[2]

تیرا آخری عمل

۳۔ سواری پر بیٹھ جانے کے بعد آنحضرت ﷺ تین مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہتے پھر یہ دُعاء فرماتے:

سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا

پاک ہے وُہ جس نے ہمارے بس میں کردی یہ سواری اور نہ تھے ہم اس کو

لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۖ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۖ

قابو میں لانے والے اور بیشک ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹ کر جانیوالے ہیں

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ

اے اللہ! ہم طلب کرتے ہیں آپ سے اس سفر میں نیکی

[1] کتاب الاذکار (امام نووی) ص ۹۷ [2] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل دوم

وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى ط اَللّٰهُمَّ

اور پرہیزگاری اور وہ عمل جسے آپ پسند کریں اے اللہ

هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا

آسان کر دے ہم پر ہمارا یہ سفر اور کم کر دے

بُعْدَهٗ ط اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ

اس کی دوری اے اللہ! آپ ہی سفر میں ساتھی ہیں

وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ

اور خلیفہ (کارساز) گھر میں اے اللہ میں پناہ میں آتا ہوں

بِكَ مِنْ وَعْثَآءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ

آپ کی سفر کی تکلیف سے اور پریشان حالت کے دیکھنے سے

وَسُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْاَهْلِ ط[1]

اور سفر کے پلٹنے کی برائی سے مال اور گھر میں

۴۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ نبی ﷺ کے ساتھ سفر سے واپس آتے ہوئے مدینے شریف کی پشت پر پہنچے تو آپ ﷺ نے فرمایا:

اٰئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ

ہم واپس آنے والے ہیں توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنے والے ہیں

www.pdfbooksfree.pk

[1] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل اوّل

لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ[1]

اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں

یہ کلمات آپ ﷺ برابر فرماتے رہے یہاں تک کہ مدینے میں داخل ہو گئے۔

## مُرغ کی آواز سُن کر

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا، جب تم مُرغ کی آواز سنو تو اللہ کا فضل مانگو یعنی یُوں کہو:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ[2]

الٰہی! میں آپ کا فضل چاہتا ہوں

## گدھے کی آواز سُن کر

چونکہ گدھا شیطان کو دیکھ کر چلّاتا ہے اس لیے جب گدھا چلّائے تو یُوں کہا جائے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ[3]

میں پناہ چاہتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے

## مسنون سلام

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی ﷺ کے پاس آیا اور

[1] صحیح مسلم ص ۴۳۵ ج ۱ [2] مشکوٰۃ باب الدعوات فی الاوقات فصل اوّل

[3] ایضاً

عرض کیا، اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ آپ ﷺ نے جواب دیا۔ وُہ بیٹھ گیا۔ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا، دس نیکیاں ملیں گی۔ پھر ایک اور شخص آیا۔ اس نے عرض کیا، اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ۔ آپ ﷺ نے اُسے بھی جواب دیا۔ وُہ بیٹھ گیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا، اسے بیس نیکیاں ملیں گی۔ ایک اور تیسرا آدمی آیا۔ اس نے عرض کیا، اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔ آپ ﷺ نے اُسے جواب دیا اور فرمایا: اسے تیس نیکیاں ملیں گی۔[1]

## چھینک کے وقت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا، جب کوئی شخص چھینک لے تو اُسے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہنا چاہیئے اور اُس کا ساتھی جب یہ سُنے تو کہے:

یَرْحَمُکَ اللّٰہُ ط

اللہ تجھ پر رحم کرے

پھر چھینک لینے والا یہ کہے:

یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ[2] ط

اللہ تمھیں ہدایت دے اور تمھاری حالت درست کرے۔

[1] مشکوٰۃ باب السلام فصل دوم

[2] مشکوٰۃ باب العطاس والتثاؤب فصل اوّل

www.pdfbooksfree.pk

## دانت اور کان کے درد کے وقت

جو کوئی چھینک کے بعد کہا کرے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ عَلٰی کُلِّ

سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لیے ہر حالت

حَالٍ مَّا کَانَ

پر جیسی بھی ہو۔

تو اس کو دانت اور کان کے درد سے بچاؤ رہے گا۔[1]

## دُنیا و آخرت کی بہتری کیلئے دُعائیں

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اکثر اوقات آنحضرت ﷺ کی دُعا یہ ہُوا کرتی تھی:

۱- اَللّٰھُمَّ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی

الٰہی! عطا فرما ہم کو دنیا میں بھلائی اور

الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ[2]

آخرت میں بھلائی اور بچائے رکھنا ہمیں آگ کے عذاب سے

[1] حصن حصین ص ۱۶۳

[2] مشکوٰۃ باب جامع الدعاء فصل اوّل

نوٹ: ہر طرح کے درد کی دُعا صفحہ ۶۸ ـــــ بعنوان دُعائے حاجت ـــــ ملاحظہ فرمائیے

۲- اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ

الٰہی! میں سوال کرتا ہوں آپ سے درگزر اور سلامتی

وَالْمُعَافَاۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ[1]

اور ہر تکلیف سے بچاؤ کا دنیا میں اور آخرت میں

۳- اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا

الٰہی! اچھا کیجئے ہمارا انجام سبھی کاموں میں

وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَۃِ[2]

اور پناہ دے ہم کو دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے

رسُول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس شخص کی یہ دُعا ہو اس کو کسی بھی بڑی مُصیبت میں مبتلا ہونے سے پہلے موت آجائے گی۔[3]

## حصُولِ مُحبّتِ الٰہی کیلئے دُعا

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسُول اللہ ﷺ حضرت داؤد علیہ السلام کا ذکر فرماتے، تو فرماتے، وُہ سب سے زیادہ عابد تھے اور اُن کی دُعاؤں میں سے ایک دُعا یہ بھی تھی:

---

[1] الترغیب والترہیب کتاب الجنائز ص ۵۰۷ ج ۴

[2] مسند امام احمد بن حنبلؒ ص ۱۸۱ ج ۴

[3] مجمع الزوائد ص ۱۷۸ ج ۱۰

www.pdfbooksfree.pk

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ

الٰہی! میں آپ سے سوال کرتا ہوں آپ کی محبت اور محبت آپ

مَنْ یُّحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ

سے محبت کرنے والے کی اور ایسے عمل کی جو پہنچا دے مجھ کو

حُبَّکَ ط اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ

آپ کی محبت تک۔ الٰہی! کر دے اپنی محبت بہت محبوب

اِلَیَّ مِنْ نَّفْسِیْ وَمَالِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ

میری طرف میری جان سے اور میرے مال سے اور میرے اہل سے اور

الْمَآءِ الْبَارِدِ ط[1]

ٹھنڈے پانی سے

## لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی فضیلت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ (سب سے فضیلت رکھنے والا ذکر لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ ہے)[2]

اس کلمۂ مبارکہ کی فضیلت میں بہت احادیث وارد ہیں۔[3]

[1] مشکوٰۃ جامع الدعاء فصل سوم

[2] مشکوٰۃ باب ثواب التسبیح والتحمید والتہلیل والتکبیر فصل دوم

[3] مشکوٰۃ ایضاً۔ ترغیب و ترہیب امام منذری ص ۶۸۹، ج ۲ باب الترغیب فی قول لا الٰہ الا اللہ وما جاء فی فضلہ

## لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

کا ورد رکھنا اپنے اندر بڑی فضیلت رکھتا ہے۔ ارشاد نبوی ہے کہ یہ جنّت کا خزانہ ہے۔[1]

## باقیاتِ صالحات

رسول اللہ ﷺ نے مندرجہ ذیل کلماتِ مبارکہ کو باقی رہنے والی نیکیاں قرار دیتے ہوئے ان کے کثرتِ ورد کا ارشاد فرمایا ہے:

## سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ

پاک ہے اللہ اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور نہیں ہے کوئی

## اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا

معبود اللہ کے سوا اور اللہ بہت بڑا ہے اور نہیں ہے طاقت گناہ سے بچنے کی اور

## قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط[2]

نہ نیکی کرنے کی مگر اللہ کے ساتھ

## بہت وزنی لیکن نہایت آسان وظیفہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ

---

[1] مشکوٰۃ ایضاً فصل اوّل و الترغیب ص ۷۵۳ ج ۲

[2] الترغیب والترہیب ص ۷۲۹ ج ۲ باب الترغیب فی التسبیح والتکبیر

www.pdfbooksfree.pk

نے آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد روایت کیا ہے کہ دو کلمے ایسے ہیں کہ زبان سے ان کا کہنا نہایت آسان ہے لیکن میزان عمل میں ان کا وزن بہت بھاری ہوگا۔ وہ کلمے یہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

پاک ہے اللہ سمیت اس کی تعریف کے

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ[1]

پاک ہے اللہ عظمت والا

## حضرت انسؓ کی دعا

مندرجہ بالا دعا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی ہے آپ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم تھے۔ دس برس آپؐ کی خدمت کی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی والدہ کی درخواست پر اُن کو دین و دنیا، آخرت کی بہتری کے لیے اور جملہ آفات و بلیات سے حفاظت کے لیے اس دعا سے مشرف و مخصوص فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے اُن کی عمر، مال دولت اور اولاد میں یہاں برکت دی اور وہاں جو ملا ہوگا اس کا اندازہ کرنا مشکل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی نَفْسِیْ وَدِیْنِیْ، بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی

اللہ کا نام لیتا ہوں اپنے نفس پر اور اپنے دین پر اللہ کا نام اپنے

[1] صحیح البخاری ص ۱۱۲۹ ج ۲ باب قول اللہ ونضع الموازین القسط الخ

اَهْلِیْ وَمَالِیْ وَوَلَدِیْ، بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی مَآ اَعْطَانِیْ

اہل و عیال پر اور مال پر اللہ کا نام لیتا ہوں اس چیز پر جو اس نے مجھے عطا کی ہے۔

اَللّٰهُ، اَللّٰهُ، اَللّٰهُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِكُ بِهٖ شَیْئًا ط

اللہ، اللہ، اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں کرتا۔

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَعَزُّ وَاَجَلُّ وَ

اللہ سب سے بڑا ہے اللہ سب سے بڑا ہے اور زیادہ عزت والا ہے اور

اَعْظَمُ مِمَّآ اَخَافُ وَاَحْذَرُ عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ

زیادہ بڑا ہے ان چیزوں سے جن سے میں خوف زدہ رہتا ہوں اور اے اللہ

ثَنَآءُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَیْرُكَ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِكَ

تیری ثناء بڑی ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ اے اللہ میں تجھ

مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَیْطَانٍ مَّرِیْدٍ

سے اپنے نفس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اور ہر شیطان مردود کے شر سے

وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ ط فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ

اور ہر ظالم دشمن کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ تم کہو

حَسْبِیَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ

میرا اللہ میرے لیے کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہ

www.pdfbooksfree.pk

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ اِنَّ وَلِيِّيَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ

عرشِ عظیم کا مالک ہے۔ بے شک میرا ولی اللہ ہے جس نے نازل کیا

الْكِتٰبَ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ۝

کتاب کو اور وہی صالحین کا والی ہے۔

# جامع دُعا

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضورِ اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے عرض کیا کہ حضور، دُعائیں تو آپ نے بہت سی بتادی ہیں، ساری یاد نہیں رہتیں، کوئی ایسی مختصر دُعا بتا دیجئے جو سب دُعاؤں کو شامل ہو جائے۔ اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ دُعا تعلیم فرمائی۔ (ترمذی)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَئَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ

اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں وہ سب اچھی اچھی باتیں جو تیرے نبی محمد صلی

(سَيِّدُنَا) مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ وسلم نے تجھ سے مانگی ہیں

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ

اور ان تمام بُری باتوں کے شر سے پناہ لیتا ہوں جن سے پناہ لی ہے تیرے نبی

(سَیِّدُنَا) مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے

اَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا

تو ہی وہ ذات ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے اور تیرا کام حق پہنچا دینا ہے اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر

قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ

نہ کسی میں نیکی کرنے کی طاقت ہے نہ برائی سے بچنے کی قوت اور سلام ہو تمام رسولوں پر

وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

اور تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جو رب ہے تمام جہانوں کا۔

www.pdfbooksfree.pk